خصی کمینہ مسخرا جواری ولد حرام　　امرد اعرابی مست بھی سرد و باز غلام
امامت زنان مکروہ ہے جب عورت ہووے امام　　برابر صف ٹھاڑی رہیں بیچ نماز تمام
جماعت کیتی قوم کی جائز مول نہ ہووے　　صحیح پچھوں معذور کے اور مومی کے سووے
امامت کیتی قوم کی درست ہے ہر حال　　نفل پچھوں فرض کے اور امی آمی نال
متیمم سے امام ہووے یا مسح موزہ ہوئے　　امام یا بیٹھے پڑھے اور مقتدی اٹھا ہوئے

دربیان مفسدات نماز گوید

بہت تھوڑے بولنے سے فاسد ہوئے نماز　　جوں میں دعا و ثنا ہو آہ اوہ سے باز
سلام عمداً جواب ابن جواب چھینک کا ہوئے　　قہقہہ ہنسی نماز میں نماز فاسد ہووے
کھاوے پیوے نماز میں کرے عمل کثیر　　بغیر عذر آہ کرے رووے جب ہو پیر
غلط قرأت اور کھولنا بغیر اپنے امام　　نجس اور سجدہ کرے نماز نہ ہوئے تمام
دیکھے پڑھے قرآن کو فاسد ہوئے نماز　　جورہ لڑکا مانگنا مفسد ہوئے نماز

[1] قن بالکسر و تشدید نون بندہ کہ پدر و مادر او بندہ باشد ۱۲ مولوی عبدالعزیز صاحب مصحح مرحوم [3] حاقن آنکہ بول آمدہ را نگاہ دارد ۱۲

تحریمہ میں مشترک عورت برابر ہوئے
خیر نیک اٹھاونی اور سجدہ ایک ہوئے
غیر مقتدی آپ کے لیوے قرأت تمام
نیک خبر میں شکر کرے بد میں استغفار

منہ قبلے سے پھرنا پیٹھ قبلے کو ہوئے
مقتدی آگے امام سے کھڑا نماز میں ہوئے
ترک کرے پھر فرض کو نماز نہووے تمام
اٹھنا دونوں پاؤں کا سجدے میں اکبار

دربیان مکروہات نماز گوید

تکرار تکبیر اور ہاتھ سے گننا تسبیحات
تن جامے کو ہاتھ سے بازی کرنا سوئے
چہار زانو تو بیٹھنا اور کتے کی بھانت
گرہ باندھنا بال کو اور کپڑا لٹکا ہوئے
بازوران ہلاونی نماز مکروہ ہوئے
امام کھڑا محراب میں اور پیچھے جاگہ ہوئے
اور کچھ منہ میں راکھنا اور ننگا بھی سوئے
تمام کرے قرأت کو بیچ رکوع کے آئے
پیشانی سے خاک کو جھاڑے بیچ نماز
ڈالے پانی ناک سے اور منہ کا بھی سوئے
موزہ تھوڑے عمل سے کھینچے مکروہات
سورہ ایک مکرر ہے ایک رکعت میں سوئے
بھاری ہوئے قوم پر دراز پڑھے قرأت
رکعت دوم فرض میں سورہ پڑھے قرأت
بے عذر تکیہ کرے یا فرق صف میں سوئے
دروازہ مسجد بند کر پچھوں کرے نماز
مقبرہ اور حمام میں نماز نہ کر زنہار
جہاں باجا اور سرود ہوا اور جائے بکری ھور

خالی جاگہ ہاتھ کو دھرنا مکروہات
اور سنگریزہ ٹالنا نماز مکروہ ہوئے
بائیں دائیں دیکھنا سب ہے مکروہات
موندے انکھیں نماز میں اور جماہی ہوئے
ترک کرے ہر سنن کو نماز مکروہ ہوئے
صورت دیکھنی نماز میں نماز مکروہ ہوئے
مانع نہوئے قرأت کو نماز مکروہ ہوئے
پہلے دونوں ہاتھ دھرے بیچ سجدہ کے جائے
اور سب انگلی کھولنا غیر رکوع کے باز
اور خوشبو کے سونگھنے سے نماز مکروہ ہوئے
نماز فریضہ کا ادنے التعین کرے قرأت
ایک سورۃ بیچ میں نماز مکروہ ہوئے
سورہ آگوں پیچھوں پڑھے سو بھی مکروہات
تکرار سورۃ دو رکعت میں جو ہے فرض نماز
کہنی اوپر آستین اور سر ننگا ہوئے
سجدہ آگوں گذرنا مکروہات ہے نماز
راہ گذر اور بتخانہ بھی اور خانہ ظلم و قمار
جائے نجس اور مئےخانہ بھی اور گھوڑے کی آخور

پچھوں ایک سلام کے دو سجدے کو آن
تقدیم رکن جو رکوع کو لاوے قبل قرأت
یا تکرار ارکان کا جیسے رکوع دوبار
بے آئے قرأت کو سجدہ واجب جان
مقتدی کے سہو سے سجدۂ سہو نہ آن

واجب سجدۂ سہو ہے پاوے جب نقصان
تاخیر رکن جوں قعدۂ اول زیچ صلوٰۃ
بغیر واجب یا ترک اس سے سجدہ سہو پار
جو جائے التحیات کو سجدہ پڑھے قرآن
بلکہ سہو امام کا واجب سب پر جان

دربیان سجدۂ تلاوت گوید

سجدہ پڑھے قرآن سے یا سنے قرآن
منہ کو استقبال کرا اور پاکی بھی ہوئے
جو تو کہتے تکبیر کو ہاتھ اٹھاؤ نہ مول
سجدہ آخر اعراف میں رعد نحل میں جان
نمل اور الم سجدہ صاد و حم سوے
آیت سجدہ پڑھ پڑھ کر یکجا کرے تکرار

جو یہ بیچ نماز ہو سجدہ تلاوت نہ آن
دو رکعت کے بیچ میں سجدۂ تلاوت ہوئے
سلام تشہد بھی نہ کر جو ہے قول رسول
بنی اسرائیل اور حج و مریم اور فرقان
نجم انشقت اور اقرا چودہ سجدے ہوے
سجدۂ تلاوت بھی کرے اک مجلس کے اعتبار

دربیان نماز بیمار گوید

بیمار ٹھاڑا نہ ہو سکے بیٹھا کرے نماز
ٹھاڑے اشارت منع ہے بیٹھے مستحب جان
جو مشکل ہووے بیٹھنا سو بیٹھ کرے نماز
اشارہ نال بھی نہ کر سکے نماز راکھے موقوف
عذر ناجائز نماز میں سر سے پھر گذار

رکوع سجود نہ کر سکے اشارت سے بھی جائز
سجدہ بیچ رکوع سے اگوں کو جھک نان
اشارت نال نماز کو ادا کرے بھی جائز
چنگا ہو تب تو پھر پڑھے جو تجھ ہووے وقت
چلتی ناو میں بیٹھ کے نماز درست شمار

دربیان ترتیب نماز گوید

پنج وقت نماز میں ترتیب فرائض جان
تین طرح مصلیان ترتیب فرائض جان
اگوں پچھوں وتر کے ہر دن ماہ رمضان
ایک ختم قرآن کا سنت جانو سوئے

جو چھوڑے ترتیب کو اس نماز درست نہ مان
تنگ وقت اور فرض چھ دلیں ہو نسیان
دس دوگانے بیس دن سنت تراویح جان
ایک ختم قرآن سے تراویح ساقط ہوئے

پچھوں چار رکعت کے اٹھنا بیٹھنا سوئے

بغیر ماہ رمضان کے جماعت وتر نہ ہوئے

دربیان نماز مسافر گوید

باہر نکلے شہر سے قصد رہو بھی سوئے
سفر دریا جو ناؤ ہو یا ہو سیر پہاڑ
جب گھر آوے اپنے چہارگانہ کرے سوئے
آج کل کے نکلتے برس گذر سوئے
جورو غلام لشکری صاحب کے تابع جان

راہ مسافر تین دن قاصد مسافر ہوئے
چہارگانہ فرض کو دوگانہ کر گذار
یا پندرہ دن بجائے نیت اقامت ہوئے
چار رکعت کی دو کرے جو نیت اقامت نہ ہوئے
جو نیت تبوع کی نیت ان کی جان

دربیان شرائط وجوب جمعہ گوید

شرط وجوب جمعہ کی سات چیز ہیں جان
دو آنکھیں دو پاؤں ہوں اور اصیل ہوئے
شرط ادا کی مصر ہے لس نائب قاضی جان
وقت ظہر سلطان بھی یا نائب ہوئے سلطان
دو خطبے مشروط ہیں بیٹھے دو میں سوے
پہلی بانگ پر سعی کر سودا چھوڑ تمام
دوجی اذان پھر کہے جب منبر بیٹھے جائے
جب خطبہ تمام ہو کہے اقامت باز

مقیم شہر اور تندرست بالغ مرد پہچان
جو نماز جمعہ کی کرے اس پر فرض ہوئے
امر شرع جاری کرے اقامت حدود بھی مان
جماعت اور اذن عام ہو اور خطبہ کر پہچان
شرط ادا موجود سے نماز جمعہ کی ہوئے
نماز و بات حرام ہے جب منبر جائے امام
روبرو امام کے مؤذن سے اذان کہائے
پچھوں امام کے قوم سب دو رکعت کرے نماز

دربیان نماز عیدین گوید

دوگانہ دو عید کا اور تکبیرات بھی سوئے
خطبے دونوں عید کے سنت ہیں پہچان
مستحب عید الفطر میں کھانا پینا سوئے
اگوں عید الفطر کے صدقہ واجب پھیر
نابالغ فرزند کا صدقہ دے بھیجے سوئے
اگوں دونوں عید کے نفل نہ جائز جان

شرط جمعہ پر مومنان دونوں واجب ہوئے
وقت نماز طلوع سے زوال تائیں جان
غسل مسواک پہننا کپڑا اور ملنی خوشبوے
چالیس پیسے تول سے گیہوں سوا سیر
اور سارے مملوک کا واجب فطرہ ہوئے
تین تین تکبیر کو ہر رکعت میں ان

آہستہ آہستہ راہ میں کہتا جا تکبیر ۔ تاخیر فطر مباح ہے جب ہو عذر کثیر
حکم ضحیٰ کا عید سا سبھی شرط میں آن ۔ کھانا پینا شرط ہے نہ امساک مستحب جان
دوگانہ عید الضحیٰ کا اور قربانی سوے ۔ عذر بے عذر درست ہے تین روز تک ہوئے
عیدگاہ کی راہ میں پکار کہے تکبیر ۔ پیچھوں دوگانہ عید کے قربانی واجب گیر
عرفے کی صباح سے تا آخر تشریق ۔ جماعت سنے تکبیر کو واجب جان رفیق
جس پر مال زکوٰۃ ہے فطرہ قربانی سوے ۔ واجب نہیں فقیر کو یہ مسئلہ تو جوئے

در بیان محتضر و استغفار گوید

توبہ پکڑے رات دن آگے استغفار ۔ سب حقوق ادا کر جب ہو تو بیمار
لب ہینی کے بال سے تلے ناف کے سوے ۔ ناخن بغل صفا کر جب وہ حاضر ہوئے
سیدھے پہلو سلائے کر قبلے کو منہ آن ۔ چت سلانا بھی اختیار ہے یہ مسئلہ پہچان
بیمار کو پکار کے کلمۂ شہادت آکھ ۔ وقت موت مریض کے ڈاڑھی سیدھی راکھ
دونوں انکھیں مونڈ کے سیدھی کروٹ سوئے ۔ خوشبو تختہ کفن گر زمی سے دھوئے
غسل دے کر پاک کر بیچ کفن کے ڈال ۔ دھووہ کفن خوشبوئی کر کافور مساجد مال
قمیض لفافہ ازار کو بھی سنت بیچ شمار ۔ مرد کو زیادہ تین سے نیکو ہے دستار
سینہ بند اور اوڑھنی زن کو زیادہ سوے ۔ کفن باندھے راہ میں جو ڈر کھلنے کا ہوئے

در بیان نماز جنازہ گوید

نماز جنازہ تکبیر سے فرض کفایہ جان ۔ ثنا اور درود دعا کو ہاتھ اٹھانا آن
امامت اوسلے بادشاہ نہیں تو ہوے قضات ۔ نہیں امام ہی ہو پیچھوں ولی عصبات
بے اذن ولی نماز کو پڑھے تو ہے جاز ۔ سو جانا ہو قبر میں پھر کے کرے نماز
نماز جنازہ سوار ہو جائز ناہیں مول ۔ مسجد بیچ مکروہ ہے کبھی نہ جاوے بھول
بیچ جنازہ مستحب چلنا پیچھوں جان ۔ قبل وضع کے بیٹھنا مکروہ بات پہچان
پکی اینٹ مکروہ ہے لکڑی قبر میں سوئے ۔ بالش کچی اینٹ کو مکروہ نہ جانے کوئے
بیچ قبر بند کھول کر منہ قبلے کو آن ۔ پیچھوں ڈالو خاک کو پکی قبر نہ مان

در بیان نماز بر شہید گوید

شہید مسلم پاک ہو اور بالغ بھی سوئے ۔ اس کا قاتل راہزن حربی باغی ہوئے
یا قاتل ہو مسلمان جس کی دیت نہ جاز ۔ لہو آلودہ دفن کر غسل نہ دیجے باز
موزہ سلاح اور پوستین تن سے کھولیں سوئے ۔ کفن زیادہ کم کریں جوں کر پورا ہوئے
کھاوے ہوئے زخم سے دارو لگاوے سوئے ۔ خیمہ لاوے بعد کو سو وہ موصی ہوئے
یا مارا جاوے شہر میں قاتل نہ جانے کوئے ۔ یا وہ حد قصاص میں مارا جاوے سوئے
اپنے عمل سے شرع میں ویسا شہید نہ مان ۔ غسل و کفن نماز کر جو مردہ ہو پہچان

در بیان صیام ماہ رمضان گوید

روزے ماہ رمضان کے جو کوئی کرے ادا ۔ چھوٹے سخت عذاب سے پاوے بہت جزا
تیس یا انتیس دن روزے ماہ رمضان ۔ نیت ہر دن فرض ہے یہ مسئلہ پہچان
نیت شب کو شرط ہے زوال تائیں مان ۔ نذر معین نفل سے اور روزہ ماہ رمضان
نیت روزہ رات کو جو تو واقف ہوئے ۔ کفارت قضا کیواسطے اور نذر مطلق ہوئے
روزہ شک مکروہ ہے نذر نہ دھر زنہار ۔ دوپہر تائیں خبر لے چھپوں کر افطار
بدلی ہو شعبان میں یا ہو بہت غبار ۔ ایک عادل کی خبر سے روزہ شک بدار
ماہ شوال اور ذی الحجہ میں خبر دو عادل جان ۔ بدلی غبار رمول نہ ہو خبر جماعت مان
کھانے پینے وطی سے روزہ فاسد ہوئے ۔ پھر روزہ قضا کرے کفارت دیوے سوئے
روزے دھر دو ماہ کے یا ایک بردہ کرے آزاد ۔ یا دو ماہ مسکین کو طعام دیوے مراد
فراموشی کے عمل سے روزہ ثابت جان ۔ روزہ نہ جاوے شرع میں یہ مسئلہ پہچان
جو سرمہ دیوے آنکھ میں یا لہو کٹاوے[لہ] سوئے ۔ غبار جاوے حلق میں روزہ تباہ نہ ہوئے
منی نازل ہو نظر سے یا احتلام ہو جائے ۔ تیل ملے یا سر دھووے گو رات ہی کا کھائے
غیر فرج کے وطی کرے چوپایہ دے نال ۔ یا مردہ نال وطی کرے جو ہووے انزال
بوسے سے بھی انزال ہو یا کچھ چکھے سوئے ۔ یا کچھ چابے دانت سے نان طفل کو توے

لہ یعنے پچھنے لگوانے سے ۱۲ مصحح رحمہ اللہ تعالےٰ

خوشبوئی کے سونگھنے سے روزہ تباہ نہ جان	اپنے عمل سے موتنا! روزہ ثابت مان

دربیان شکنندہ روزہ گوید

جس سے روزہ تباہ ہو سو بھی سنے پہچان	لوہے پتھر کے نگلنے سے روزہ فاسد جان
گمان رات کے اٹھکر کھاوے روزہ جائے	وہ روزہ قضا کرے اسمیں نہ کفارات آئے
غیر فرج کی وطی سے یا چوپایہ کے نال	روزہ جاوے پھیر کرے ہووے جب انزال
بوسہ لیتے انزال ہو یا مساس کرتے سوے	روزہ جاوے پھیر کرے جو تو واقف ہوے
دماغ شکم کے گھاؤ میں دارو ڈالے کوے	مضمضے سے حلق میں پانی داخل ہوے
ناک کان کی راہ سے دارو ڈالے سوے	پانی جاوے دُبر میں روزہ فاسد ہوے
یا جاوے فرج کی راہ سے روزہ رکھ قضا	کفارت لازم مول نہیں یوں ہے امر خدا
شیخ فانی نہ رکھ سکے ہر روز دے طعام	دو من گیہوں مسکین کو صبح کھلائے اور شام
بیمار مسافر حاملہ مادر بچے کی جان	روزہ کھاوے خوف سے دھرے قضا بھی مان
مسافر آوے سفر سے یا حائض ہووے پاک	روزہ باقی قضا کرے اب لازم ہے امساک
پانچ روزے ہر سال میں حرام ہوئے پر یہ	تین روزے تشریق کے بھی روزے دو عید
روزہ ماہ رمضان میں مستحب تین شمار	تاخیر سحر اور مسواک کر اور تعجیل افطار

دربیان اعتکاف گوید

اعتکاف سنت موکدہ بوجھو رب کوے	روزہ نیت اعتکاف بھی مسجد جماعت ہوے
قول نعمانؒ ایک روز کمتی دیر تک نہ جان	قول محمدؒ ساعت ایک مسجد میں گذران
جو فاسد ہوے نماز کرے پھر نقصان نہوے	وطی بوسہ مساس سے اعتکاف نہوے
بول غائط یا جمعے کو باہر نکلے سوے	ساعت نکلے بے عذر اعتکاف صحیح نہوے
کھانا پینا سونا اور لین دین تمام	مسجد بیچ روا ہے اور بھلے کرے کلام
اعتکاف کی نذر سے رات بھی لازم ہوے	بے ڈرے شرط ہے زن کو گھر میں سوے

دربیان مسائل زکوٰۃ گوید

اصل عبادت مال کی دینا ہووے زکوٰۃ	چھ شرط موجود پر ہووے فرض زکوٰۃ

عاقل بالغ مسلمان حر صاحب مال
اتنی شرط موجود ہوں پھر نہ دے زکوٰۃ
یہیچ زکوٰۃ دو فرض ہیں ہر اک لے پہچان
ساڑھے باون تولے روپا ہو موجود
ساڑھے سات تولے سونا ہو در سال
روپا سونا خام ہو یا درہم اور دینار
ملا جنس کو جنس میں زیادہ ہو جو مال
جو غالب ہو عروض میں اسکی قیمت آن
سونا روپا ملاے کر نصاب پورا دے
قیمت دے حساب کر زکوٰۃ فطر کی یار
جو ہلاک ہوئے سال میں ساقط ہوے زکوٰۃ
اونٹ بیل جو کام کا بندہ خدمت گار
جواہر موتی لعل کو زکوٰۃ عفو کر جان
گائے بکری اونٹ سے بچہ نہ جاوے مال
سائم جو باہر چرے گھر کی گھاس نہ کھائے
بکری ایک زکوٰۃ دے پانچ اونٹ جب ہوئے
چہار بکری چوبیس اونٹ پر زکوٰۃ دی سب کوئے
دو سالہ چھتیس سے چالیس میں دے تین
دو سالہ دو اونٹ کا چھہتر میں پہچان
ایک سو پنجاہ میں تین سالہ دے تین
بچہ دے دو سال کا جب ہو دیں چالیس
جو زیادہ ہوں چہل سے اسکی قیمت نقصان
یک سالہ ہر تیس پر لازم ہو ہر سال

اور فاضل ہو دین سے گذرا سارا سال
دوزخ کے عذاب سے پاوے نہیں نجات
قدر واجب جدا کے نیت دل کر جان
پندرہ ماشے چھ رتی زکوٰۃ جدا کر زود
دو ماسے اور دو رتی دے زکوٰۃ نکال
یا زیور یا آوند ہو ایک حساب شمار
روپے میں روپا ملے اور سونا سونے نال
جو پہونچے نصاب کو زکوٰۃ واجب جان
قیمت سے عروض کو شامل کر کے دے
کفارہ عشر اور نذر کو دینا فرض بچار
زکوٰۃ منع ہے عفو کی یہ مسئلہ گرہات
عبد مکاتب عفو ہے اور ہے مال ضمار
اسپ سواری پارچہ باسن عفو پہچان
زکوٰۃ انکی عفو ہے جوں حمر اور بغال
اونپر زکوٰۃ فرض ہے دیجے حساب کرائے
دو بکری دس اونٹ پر تین پندرہ سوے
پچیس اونٹ پر ایک اونٹ جو یکسالہ ہوئے
چار سالہ طیار کر اکسٹھ بیچ یقین
جو اکانوے اونٹ ہوں تین سالہ دو جان
پھر بکری دے پانچ میں سر سے کرو یقین
بچہ دے ایک سال کا گائے بیل سے تیس
چہلم حصہ زکوٰۃ کا ساٹھ تائیں مان
دو سالہ چالیس ہوں اسکی یہی مثال

بکری جب چالیس ہوں ایک بکری نکال
اور ایک سو اکیس "۱۲۱" میں دو بکری دے ڈال

بکری دو سو ایک میں بکری تین دے نیک
چار سو میں چار دے پھر سو میں ایک ایک

گھوڑی گھوڑا مختلط جن میں دے مثقال
یا حصہ چالیسواں زکوٰۃ کا جدا دے ڈال

دربیان مصارف زکوٰۃ گوید

سات مصرف زکوٰۃ کے انکو لے پہچان
فقیر مسکین رہگذر اور غازی بھی جان

مکاتب ہووے غیر کا قرضدار بھی مان
عامل ہو صدقات کا یہ ہیں سات مکان

زکوٰۃ کیتی قوم کو جائز ناہیں مول
کافر اور غلام کو دینا نہیں قبول

مکاتب مدبر اپنا ام ولد بھی سوے
بنی ہاشم مملوک کو زکوٰۃ نہ جائز ہوئے

بیٹا پوتا اور پرپوتا اور انہوں کی اولاد
زکوٰۃ ان کو نہ دیجے جو باپ دادا پڑداد

جورو شوہر کو نہ دے شوہر جورو کا ج
اور غنی مملوک کو جو نہ ہو محتاج

دربیان شرائط حج بیت اللہ گوید

دس شرطوں سے حج کو عین فرض کر جان
عاقل بالغ تندرست اصیل مسلمان

زاد و راحلہ وقت حج اور بینائی کو مان
امن راہ کا شرط ہے جو مذہب ہے نعمان

شوہر محرم بھی شرط ہے جورو گر ہو ساتھ
اتنی شرط موجود ہوں حج کو کر و سب ساتھ

فرض حج کے حاجیان جانو تین صنوف
طواف زیارت احرام بھی عرفہ بیچ وقوف

واجبات چھ حج میں ہر ایک لے پہچان
احرام باندھ میقات سے یہ مسئلہ دہر کان

صفا مروہ دوڑنا سات بار شمار
مزدلفہ میں موقوف کر طواف صدر گزار

سنگریزہ مارنا جانو واجب پانچ
سر کو مونڈ حلال ہو جو چاہے تو سانچ

چار سنت ہیں حج میں طواف قدوم کو لار
سعی طواف رمیل کر منٰے رات گزار

تین نہایت سب حج کے تنہا حج گذار
یا تنہا تم کرو اس کو یا دونوں اکبار

جن میں حج قبول ہو تین ماہ ہیں سب حج
سب شوال اور ذیقعد اور دس دن ہیں ذوالحجہ

مواقیت احرام کے پانچ محل پہچان
راہ مدینہ حاجیان ذوالحلیفہ جان

راہ عراقی عرق سے شامی جحفہ مان
راہ نجد کی قرن سے یمنی یلملم جان

بیچ کعبہ میقات ہے جو کوئی ساکن ہووے — احرام باندھے حل سے اور کعبہ سے سوے
ڈھیل کرے میقات سے حج نہ ہوئے تمام — وضو دوگانہ نماز پڑھ جب باندھے احرام
چادر لنگی پاک کر اور خوشبوئی مال — جو نہیں ہیں حج میں تن کی کرو سنبھال
جو محرم ہو حج کا فسق روا نہیں جان — جنگ جدال اور ذکر بد اور جماع نان
شکار نہ کرو بتلاؤ مت خوشبوئی نہ لگاؤ — کپڑ رنگو مت رنگ کرو اور ناخن بھی نہ کٹاؤ
اور سر داڑھی دہو مت گل خطمی کیسات — سر نہ کترا حلق نہ کر یہ رب منہیات
منہ اور سر کو ڈھانپنا منہی جانو صاف — دستار موزہ پہننا یہ بھی منہی صاف
جو ہمیانی کمر میں اس میں سخن نہ آن — سایہ گھر اور اونٹ کا یا اور کسی کا جان
لبیک لبیک راہ میں آکھے بہت رود — منزل ہو یا راہ میں قیام اور قعود
کعبہ آوے نظر میں پڑھے درود دعا — اور تکبیر تہلیل کہہ جو ہے امر خدا
فقہ ہندی زبان میں بنی بہت عجیب — چن چن مسئلے دین کے کیتے جمع غریب
فقہ ہندی کو مومناں کرو زبان پر یاد — مسئلے سمجھو دین کے آئے نہ کچھ فساد
سن ایک ہزار چھہتر ہجری رمضان بیچ تمام — اورنگ زیب کے دور میں نسخہ ہوا نظام

مصنف اور کاتب کو بخشے رب غفور
پڑھنے والے کو کرم سے دیوے رب شکور

تمت

نسخہ فقہ المبین در زبان ہندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بنام پاک رب العالمین سون — شروع کرتا ہوں میں فقہ المبین کون
بحق مفخر مقبول مرسل — لیے عقدے فقہ کے مجھ پہ کر حل
مسائل فقہ کے ہیں اصل ایمان — جو نہیں بوجھے تو کیوں ہووے مسلمان

جسے حاصل نہیں فقہ و مسائل
جسے توفیق ہووے علم دیں سے
پڑھے جو اس رسالے کو ہو شایق
اسے عزو شرف حق سے ملے گا
جہالت کا نقاب اسپر سے اٹھ جائے
کیا ہوں جمع استنباط کر کر
خلاصہ شرح منیہ کنز و تبیان
ہدایہ اور وقایہ کے ہو مسائل
کیا ہوں جمع اس میں نور مشکوٰۃ
فتاواؤں سے چن چن کر کیا جمع
کیا ہوں ذکر مسئلے بحر رائق
کتابوں کے حوالے سے سند ہے
محیط اور کنز کا کر کر حوالہ
عیون اور منیہ قاضی خان مذکور
شرح اور تینوں سے چن چنکے چیدہ
جو کوئی اس نظم کا حافظ ہو جائے
ضروری کے مسائل کر کے داخل
فقیہہ کر سب مسلمانوں کو یا رب
موافق کر سبھوں کو فقہ بوجھیں
اول کلمہ پڑھو ہے فرض سب پر
مراد اس سے خدا کو ایک جانو
یہی ایمان کے معنے ہیں بیشک

وہ اعمےٰ ہے وہ ابلہ ہے وہ جاہل
وہی ممتاز ہے اہل یقیں ہے
وہ ہوگا شرع کی سند کے لائق
اسے عرفان کا درجہ ملے گا
بہت اسرار حق اسکو نظر آئے
کتب سے فقہ کی جوں فقہ اکبر
محیط و کافی و وافی و برہان
کیا ہوں جمع اسمیں کئی مسائل
صحیح مسلم سے لایا ہوں روایات
لکھا ہوں اس رسالے میں بصد طمع
لکھا ہوں کئی مسائل نہر فائق
متونوں سے یہ مسئلہ مستند ہے
کیا منظوم یہ موزوں رسالہ
مفاتیح کے مسائل ہینگے مسطور
لکھا ہوں یہ رسالہ برگزیدہ
خدا خوش ہو نبی کا قرب پائے
لگایا اس سفینے کو بساحل
بحق آلہ و اصحابہ سب
مسائل کے کنہ سب دلمیں سوجھیں
جو منکر ہے اسی سے ہے وہ کافر
محمد کو رسول حق پہچانو
کرو تصدیق اسمیں لاؤ مت شک

دربیان صفات ایمان گوید

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ

۱ یہ ایمان کی صفت دلمیں رکھو یاد — اول ایمان لانا حق پہ ہو شاد

وَمَلٰئِکَتِہٖ

۲ دوم ایمان لانا سب ملک پر — عرش پر ہوں یا ارض پر یا فلک پر

وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ

۳ سوم سارے کتب پر لانا ایمان — رسولوں پر بھی لانا فرض کر مان

وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ

۴ قیامت پر بھی لانا فرض پہچان — یہی پہنچا ہے ہمکو حق سے فرمان

وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ

۵ ششم تقدیر پر ایماں فرض ہے — اگر ہو خیر یا شر غرض ہے

مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی

ہے خالق خیر و شر اللہ تعالے — بدی کا بھی اسی کا ہے حوالہ

وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

موئے پیچھے اٹھیں مخلوق سارے — یہی ہیں بعث کے معنے پیارے

موئے پیچھے اٹھینگے شک نہ کوئی کر — صفت ایمان کی رکھو یاد گن کر

دربیان احکام فرائض وغیرہ گوید

فرض اک کا جو منکر ہے سو کافر — ہماری عرض کو تم لاؤ خاطر

وہ جو واجب سے رکھتا ہووے انکار — وہ فاسق ہے کروں میں تم سے اظہار

سنت واجب سے جو رکھتا ہے انکار — تو وہ بدبخت ہے بے شک گنہگار

جو استخفاف سنت کا کرے گوے — اسے ہاوی ہو رو ویل شوم ہووے

اسی کا کہنا جو لازم ہے — عذاباں ہاویہ کو وہ چکھا ہے

دربیان مقدار تکبیر تحریمہ گوید

کھڑے ہو کر حضور حق کے ڈر سے — کہو تکبیر تحریمہ جہر سے

کہوں میں جہر کا ادنیٰ ہے مقدار جو میں کہتا ہوں سو سن اے مرے یار

در بیان فرائض وضو گوید

وضو میں فرض ہیں سب چار منصوص طہارت کے فرائض بھی ہیں مخصوص
اول منہ فرض ہے دو نا پیچھے ہاتھ ولیکن تا و مرفق دھوا دب ساتھ
پیچھے کر ربع سر کا مسح بے ننگ قدم دھونا ہے اسکی تا شتالنگ

در بیان پنج بناء اسلام گوید

بنا اسلام کی سب پانچ ہیں جان اول کلمہ شہادت بر زباں راں
پیچھے صلوات خمسہ فرض منصوص صیام ماہ رمضان ہینگے مخصوص
چہارم ہے زکوٰۃ مال ماجور ہے پنجم حج اگر رکھتا ہے مقدور

در بیان فرائض غسل گوید

فرائض غسل میں سب تین ہیں جان اگر باور نہیں تو دیکھ تبیان
اول لے پانی منہ میں غرغرہ کر پیچھے لے ناک میں پانی برادر
سوم پانی بہانا سب بدن پر فرائض غسل کے کر دل میں ازبر

در بیان فرائض تیمم گوید

تیمم میں فرائض تین ہیں جان جتن کر دل میں جوں تسبیح مرجان
نیت اور پاک مٹی سے فرض ہے ضرب دو اس منہ سب کو غرض ہے
ہے جو جنس زمیں سے ہووے اکثر تیمم اس اوپر جائز ہے خوشتر
وہ جو کچھ جل کر چیز راکھ ہووے تیمم اسپہ قطعاً جائز نہ ہووے
اگر پگھلے اگن لگنے سے جو چیز تیمم اس اوپر جائز نہ ہو نیز
چنانچہ گھانس لکڑی پر روا نین اگر عمدا کرے تو جز خطا نیں
تیمم بن عذر ہرگز روا نین نماز فرض و سنت کچھ روا تیں
بدن زخموں جسکا ہووے غربال و یا امراض کی جسکو چھپے بال
و یا پانی پہ ہووے شیر غراں و یا ہو سانپ یا ہو دشمن جاں

ویا چیچک سے تن غربال ہو جائے ویا اور آبلہ تن پر نظر آئے
ویا قوت بدن کی سب نکلجائے ویا فتوے کوئی اس کا عذر پائے
ویا پانی پہ ہووے کوئی قرض خواہ تیمم سے پڑھے نین اسمیں اک راہ
باین خوف کہ شاید قید کروائے اذیت اور اہانت ساتھ بٹھلائے
ویا بھی ورد سے نا ہووے مقدور ویا ہو آب قدر یک کروہ دور
تب اسکو حکم جائز کا سزاوار نماز اس کی روا جائز ہو مختار
تیمم نہیں روا فقط چوڑیوں پر انگوٹھی پر بھی یہ ہے حکم ظاہر
نکالے بن نہیں ہمت سے مجوز خلاصے میں یہ مسئلہ ہے معزز
تیمم تر زمین پر جائز آیا ویا کیچڑ پہ بھی یوں ہے سنایا
نمک جبلی پہ تو مت کر تیمم مگر جبلی پہ تو ہووے مسلم
یہ مسئلہ بحر الرائق میں ہے مسطور مروج ہے معزز ہے گا مشہور
زمین سوختہ اوپر ہے جائز کرے گا گر تیمم ہووے گا فائز
ورد عنبر اوپر جائز رکھا ہے کرے گا مشک پر تو ناروا ہے
تیمم راکھ پر ہرگز روا نہیں نہ موتی یخ اوپر جائز ہوا نہیں
ظہیریہ میں مسئلہ ہے یہ مسطور نکل آوے اگر دیکھے تو فی الفور
مجوز ہے تیمم خاک گچ پر کحل پر ریت پر کبریت و پتھر
زمرد اور زبرجد پر روا ہے گل سرخ اور گندھک پر سوا ہے
اگر یاقوت و مرجان پر کرے کوئے مجوز ہے اگر الماس بھی ہووے

در بیان شکنندۂ وضو گوید

وضو کے توڑنے والے ہیں بسیار جو نیز سے بیش و پس سے ہووے اظہار
ریاح نکلے سے ہوتا ہے وضو دور لہو سے بھی وضو جاتا ہے فی الفور
اگر تکیہ سے سووے تو وضو جائے منع قہقہہ نماز اندر بھی فرمائے
اگر بے ہوش ہو ورعین رکعات ویا دیوانگی اس پر کرے گھات

ودیا مستی اسے بدمست کر جائے   ودیا منہ بھر کے قے منہ سے نکل آئے
مذی بھی نکلے تو فوراً وضو جائے   ودی سے بھی حدث ہوتا ہے فرمائے
تو یہ سب ناقض و منقض وضو ہوئیں   مصلیٰ کی نمازوں کو یہ سب کھوئیں

دربیان موجبات غسل گوید

غسل سب پانچ چیز و نسے فرض ہوے   زن و مردان سب پہ جوں فرض ہوئے
جس عورت کے کہ گم ہوں حیض کے دن   تو پانچوں وقت غسل اسپر فرض گن
جب ہووے حیض سے پاکی نسا کون   تو غسل واجب ہو قول مصطفےٰ سون
ذکر جب فرج عورت میں دخل پاے   تو غسل اسپر اسی دم فرض ہو جائے
نہ اس میں شرط کچھ انزال کا ہے   وجوب غسل سوا دخال کا ہے

دربیان حیض گوید

ہے مدت حیض کی سب تین دن نہیں   کیے ہیں یہ بیان اپنے ذہن میں
اکثر مدت حیض کی سن نو کھول ہیں   ہے دس دن رات میں بیچ یہ جو کہو نہیں
اقل مدت حیض کی ہے کہ سہ شب   امام شافعی رح کہیں اک روز و اک شب
امام مالک رح سے مروی ایک ساعت   جو پاکی پاوے ہووے در عبادت
پیچھے شوہر سے ہم آغوش ہو جائے   ثنا صلوٰات صوم اپنی بجالائے
وے روزہ قضا اسپر فرض ہوئے   رکھے گی بعد رمضان اسپر فرض ہوئے
معافی ہو نمازوں کی مقرر   یہ مسئلہ یاد رکھ تو دل میں از بر
اگر مدت حیض کی سن روز دس ہے   تو سن اے گرز اول تیرے بس ہے
جو دس سے ہو زیادہ تو مرض ہے   روائت کرنے سے میری غرض ہے
عذر کے دن میں عادت سے زیادہ   نظر آوے لہو تو سن افادہ
تو مدت عادت اسکی حیض میں رکھ   زیادہ مرض سے بوجھو نہیں پاک
کرے روزہ نماز اں ختم قرآن   ملے شوہر سے اپنے نہیں ہے نقصان

دربیان نفاس گوید

نفاس عورت کو جب کرتا ہے ناپاک ۔ غسل کرنے سے ہوتی ہے سبھی پاک
ولیکن تین اسے مدت مقرر ۔ لہو جب بند ہو تب ہو مطہر
اگر ساعت میں بند ہووے تو اسب ۔ اگر اک دن میں بند ہووے تو اسب
اگر ہفتے میں بند ہووے تو ہو جائے ۔ مہینے میں بھی بند ہوتا ہے فرمائے
نہایت مدت اسکی ہے چہل دن ۔ کئے نفسائے کے دن علمائے معین
غسل کرنے سے بس ہوتی ہیں یہ پاک ۔ نمازی ہوں پیچھے صایم تو کیا باک
جہالت سے چہل دن نہیں نہاویں ۔ نماز و صوم و حج اپنا گنواویں
یہ فتوے اکن خبیثوں نے بتایا ۔ انہوں کا دین و ایماں سب جھٹایا
قیامت میں سبھی ماخوذ ہون گیاں ۔ جہنم میں جہالت سے جلن گیاں
غسل ہوتا ہے واجب محتلم پر ۔ اگر نہاوے تو ہووے پاک اطہر

دربیان مسبوق و لاحق و مدرک و منفرد گوید

اسے مسبوق کہتے ہیں سبھی علماء ۔ امام سے بعد اک رکعت کے مل جائی
امام کے ساتھ تحریمہ جو پایا ۔ پیچھے اسکو حدث نے منہ دکھایا
جو وہ جاکر وضو پھر کے آوے ۔ تو رکعت اکدفعہ کی ہر تنے سے جاوے
تب اس کو حکم لاحق کا دیا جائے ۔ اسے مسبوق ہرگز کوئی نہ فرمائے
اسے مدرک کہینگے سب فقیہان ۔ امام کے سنگ پڑھے چاروں رکعتاں
اکیلا جو نماز اپنی پڑھے کوئے ۔ نزدیک فقہاء کے وہ سو منفرد ہوئے
قرائت فرض ہے قدر ایک آیت ۔ دراز ہووے نہیں تو سہ نہایت
کھڑے رہنے کو کہتے ہیں قیام اب ۔ قرائت پڑھنے کو کہتے ہیں قرات سب
رکوع کہتے ہیں خم ہونے کو عالم ۔ جو نیں بوجھے مسائل ہے وہ ظالم
رکوع کے بعد قایم جو کھڑا ہووے ۔ اسے قومہ کہے گا جو فقیہہ ہووے
جو بیٹھے بعد اک سجدے کے ساجد ۔ اسے جلسہ کہیں گے سارے عابد

دربیان فرائض نماز گوید

نمازوں میں تو کل پندرہ فرض ہیں
مصلی کو مدام ان سے غرض ہیں

زنزدیک بعضوں کے ہیں سب چاردہ فرض
کرونگا تم سے بالتفصیل اب عرض

اور بعضوں نے تو سب تیرہ گنے ہیں
مصلی سب نے کانوں سے چنے ہیں

ولیکن نزد بعضے کل ہیں بارہ
کرونگا میں اسے تفصیل سارا

اول نیت کرو دوسرا وضو پاک
سوم جامے کی پاکی اور بدن پاک

پنجم جائے مصلی پاک وہ ہوئے
ہے ششم ستر عورت کو فرض جو ہے

پچھوں تکبیر تحریمہ فرض جان
پہچانو ساتے اوقاتوں کو ہر کان

کھڑے رہنا نمازوں میں فرض ہے
توجہ کعبہ موے کی غرض ہے

قرائت اس میں تو فرض عین آیا
رکوع کے فرض سے موے کو پایا

سجود آیا ہے اس میں تیرہواں فرض
کرو سجدہ خدا کو بعد غرض

فرض ہے چودہواں قعدہ اخیرہ
جو ہووے اس کا منکر ہے وہ خیرہ

پندرھواں فرض ہے نمازوں سے نکلنا
موافق شرع کے یہ راہ چلنا

دربیان واجبات نماز گوید

نماز اندر تو بارہ واجباں جان
ولیکن حق کے یہ سب واجباں جان

اول الحمد پڑہنا واجب آیا
پیچھے سورۃ کو ضم کرنا سنایا

سوم تعدیل ارکان کو بھی مانو
تعین قرائت کا واجب تم پہچانو

پیچھے ترتیب کی ہیگی رعایت
قنوت پڑہنے سے ہو تم پر عنایت

پڑھے آہستہ آہستہ کے اوقات
یہ واجب ہے سبھوں کو از وجوہات

بلند پڑہنا بلندی کے مکانپر
یہ واجب ہے امام مومناں پر

ولیکن منفرد مختار اس میں
تشہد پڑھ یعنی التحیات اس میں

بھی تکبیرات عیدوں کی کرے زود
کہ جس میں حق تعالی ہووے خوشنود

سلام کے لفظ سے آنا ہے باہر
چنے رکھ میرے مسئلے کے جواہر

دربیان نماز شک گوید

شک آوے تجھ نمازن میں جو بیچار	رکعت ہو ایک یا دو تین یا چار
تحرّی کر اگر ٹھیرے تو محکم	وگرنہ ایک رکعت انہیں سے کر کم
جو باقی ہے سو اسمیں قعدہ آئے گا	سجود سہو سے فارغ ہو جائے گا

دربیان نماز جنازہ گوید

جنازے کی نماز ہو فوت یا عید	جنایت ساتھ پڑھنا ہے بتاکید
تیمم سے پڑھو جائز کیا ہے	کرو مت فوت تم بےشک روا ہے
جنازے کی نماز میں چار تکبیر	فرائض لوجہ اسمیں نیں ہے تقصیر
اگر ان میں اک کو کم کرے کوئے	تو وہ اپنی سبھی تکبیر کو کھوئے

دربیان شکنندہ نماز گوید

نماز میں سوئے گر قہقہہ کیا ہوئے	مسلم نین وضو شک لاؤ مت کوئے
نمازوں میں بھی کچھ اسکے خلل نین	عبادت میں بھی کچھ اسکے زلل نین

دربیان حال مسبوق گوید

اگر مسبوق بھولا ساتھ امام کے	ہوا تابع امام کا بیچ اسلام کے
نماز اسکی مسلم ہے نہ سہو آئے	ظہیریہ میں یہ مسئلہ بتاوے
تعمد ساتھ تابع ہو تو جاوے	اگر عمداً نہ ہو تو کچھ نہ آوے
اگر تاخیر واجب میں جو ہو جائے	دیا تاخیر فرضوں میں بھی وہ پائے
دیا تغیر واجب میں دخل پائے	دیا فاتحہ مکرّر پڑھنے میں آجائے
تو ان شکلوں سے سجدہ سہو آوے	سلام اک سہو دے ذمہ چھڑاوے
نماز ترک فرض سے ہٹ نہ آوے	یہ مسئلہ ہر فتاوے میں لکھاوے

دربیان پاکی چاہ گوید

پڑے گر چاہ میں دم موش کی لوٹ	دیا بوٹی گرے مردار کی چھوٹ
دیا چڑیا کا بچہ منتفخ ہوئے	دیا گر بول کا قطرہ گرا ہوئے
دیے وہ بول جس کا گوشت مردار	شرع میں ناروا اور غیر مختار

ویا ہو چھپکلی دے دم سائل — ویا پیشاب طفل شیر مائل
ویا قطرہ شراب و خوں نجاست — نجاست آدمی کی ذی خباثت
ویا مرغی کی کوئی پنچال ڈالے — تو پانی چاہ کا سارا نکالے
کتب میں فقہ کی یہ حکم آئے — خلاف اس مسئلے کا کوئی نہ فرمائے
محمدؒ کی روایت کو جو پاوے — تو دو صد دلو یا سہ صد نکالے
تو اس پانی کو پاکی کا حکم آئے — تو حجۃ الاسلام میں یہ مسئلہ پائے
اگر مرغی و بلی مثل اسکے — پڑے جا کر کوئیں کے بیچ دھسکے
معاً مر جائے کے اسکو نکالے — تو چالیس دلو چہ سے کاڑھ ڈالے
پھیپوں ہو جائے گی کنوئیں کی تطہیر — ہدایہ میں ہے اس مسئلے کی تصویر
اگر چڑیا و یا چڑیا کا بچہ — نکالے کوئی قبل سڑنے کے اچہ
نکالے تب کنوئیں سے دلو گن دس — تو کنواں پاک نہ ہو جائے گا بس
اول میت نکالے بعد پانی — یہی کنوئیں کی پاکی کی نشانی
شرح مینہ میں یہ مسئلہ ہے مکتوب — رکھو دل میں یہ مسئلہ یاد و مرغوب

در بیان زلۃ القاری گوید

محمدؒ ابن ازہر سے روایت — پڑھے الحمد للہ کہہ کے آیت
والرحمٰن کہے از ہائے ہوز — والرحیم با لہائے ہوز ہیں مجوز
نماز اسکی فاسد نہ ہو جاوے — فتاوائے صوفیہ میں یوں سناوے
اگر کوشش کرے باسعی مشکور — چڑھے نین زبان تب ہے وہ معذور
پڑھے گا سرسری بے جہد گر زود — تو ہونگی سب نمازیں اسکی مردود

در بیان مفسدات نماز گوید

نمازی اک رکن میں گر کھجاوے — اگر سہ بار تو تحقیق جاوے
بشرطیکہ اٹھاوے ہاتھ تین بار — اٹھاوے نین تو ہو مکروہ ناچار
خلاصے میں یہ مسئلہ ہے منور — کتب میں سارے علماء کی ہی اشہر

جو دیوے پیٹھ قبلے کو نمازی
نماز اسکی نہ رہے گی ہوگی بازی

اگر وہ ہاتھ سے کپڑا سنبھالے
دیا ہاتھوں کو یے گرٹی پہ ڈالے

دیا سجدے میں جا دو پگ اٹھاوے
نماز اسکی تبھی فاسد ہو جاوے

بھی قہقہہ اور ہنسی سے نماز جائے
تنحنح سے نمازوں میں فساد آئے

نجس کپڑے وانسے جائز نیں عبادات
فساد آوے نمازوں میں فسادات

نجس جاگہ اندر بھی نیں روا ہے
عبادت بے طہارت بھی غوا ہے

نماز اندر قہقہہ سے فساد آئے
نماز اول نہ رہے پیچھے وضو جائے

ہر اک بالغ کے حق میں یہ حکم آئے
دلے حق میں صبی کے برعکس آئے

دربیان سود خوردن گوید

ربا ملعون ہے سب مذہبوں میں
مسلمانوں میں کافر مشرکوں میں

جو دیوے لیوے سو بھی ملعون
ضامن اسکا بھی لعنت کا مطعون

شواہد کاتبوں پر لعنت آویں
حشر میں حق کو کیونکر منہ دکھاویں

نہ آو کے لے نہ آو کے دے نہ بیا
جلاوے گا حشر میں تم کو پیا

گروے کر کرایہ کھاؤ مت بے
جہنم میں خوشی سے جاؤ مرتے

حرامی ہے حرامی ہے ربا خور
خدا اور مصطفےٰ کا ہے وہی چور

جو مسلم ہے اگر کھاوے کبھی سود
تو کندا ہوگا دوزخ کا وہ مردود

عبادت اسکی ہوگی غیر مقبول
جہنم کا لگے گا اسکو ترسول

دربیان مسواک کردن گوید

نزدیک حضرت کے جب جبرئیل آتے
زحق مسواک کی تاکید لاتے

خواص اسکے بہت ہیں اور برکات
زبس خوشنود ہو رب السموات

غرض مقبول حق ہووے مقرر
احب ہے مصطفےٰ اور آل اطہر

دوجے ہمسایہ کو رکھنا رضامند
کہ جن عملوں سے راضی ہو خداوند

یہ دونوں امر ہیں اعظم امورات
بجا لاوے تو پاوے رفع درجات

دربیان معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گوید

اُٹھے رب معجزے حضرت کے برحق — انہونے یہ کیا تھا قمر کو دو شق
مگس اڑتی نہ تھی اس گلبدن پر — دخل کیوں پاوے جنات العدن پر
معطر تھا مبارک جسم اطہر — خجالت سے سیاہ تھا مشک اذفر
حجر کیا اور شجر کیا اور مدر گل — ثنا صلوات سے تھے مثل بلبل
جو کہدیں قم باذن اللہ ام سے — دوڑیں مردے سبھی ہر ہر قبر سے

دربیان سنت مؤکدہ گوید

مؤکدہ سنتاں ان کو کہے ہیں — بجز دو بارہ وہ متروک نہ ہوئے ہیں
تطوع کو شروع گر کوئی کیا ہوئے — پیچھے رکعات فرضی کا بنا ہوئے
تو بہتر ہے اسے اتمام پہنچائے — زیادہ اسکے لگے چلگے نین جائے
جو پہنچیں زانو کو ہاتھو کی انگلیاں — یہ ادنے حد رکوع کی یاد رکھنا
دونو زانو کو لکھتے ہیں فقیہاں — قیام کی حد نہ پہنچے نوک انگلیاں
گر اس مسئلے میں تجھ کو شک آوے — دیکھو مفتاح میں جلدی نکل آے
امام کو سجدہ سہو آوے تو دیوے — وہ مسبوق اسکے تابع خود بھی ہووے
ولے تسلیم میں تابع نہ ہوئے گا — اگر ہوئیگا تو سب کچھ اپنا کھوئے گا
فتاوے دیکھ عالمگیر کا پھر — نبٹ جلدی سے یہ مسئلہ کر از بر

دربیان زخمی کہ برائے او مسح رواست گوید

بدن پر گر کسی کے زخم آوے — دیا پھوڑا جرح اس کو ستاوے
تو مالکؒ بو حنیفہؒ سے روایت — زخم دھونے کی نین ہے، کوئی روایت
بدن جو کچھ صحیح ہووے تو دھو ڈال — مسح آیا جراحت پر بہر حال
مسح بھی مستحب ہے نین فرض ہے — یہ مسئلہ یاد رکھ تمیز فرض ہے
جو کوئی رحمۃ الامہ دیکھ لیوے — تو اسکو شک نہ ہو وسواس کھووے
محل ضم سورۃ گر پڑھے کوے — یہی سورۃ مقرر پڑھنے میں ہووے

پڑھے گر پیش و پس تو بھی روا ہووے	نہ اسکو ناروا مکروہ کہے کوئے

دربیان مفسدات صوم گوید

اگر دانتوں سے نکلے خوں کہ بیکے	پیچھے جاوے حلق میں اس شخص کے
جو غالب ہووے تو روزہ نہ جاوے	وگر مغلوب ہو تو ہت نہ آوے
وگر ہووے مساوی تو سند ہے	جو داخل ہے درونی میں تو بد ہے
کسی نے غسل پانی میں کیا جائے	کیا سردی نے اسکے تن میں آجائے
تو اسکے صوم میں ہرگز خلل نین	مسلم ہے وہ روزہ کچھ زلل نین
اگر صائم کسی کا تھوک کھاوے	گیا روزہ کفارت کچھ نہ آوے
اگر محبوب کا کوئی تھوک کھاوے	کفارت اسکے اوپر لازم آوے
محیط اس کا ہے شاہد دیکھ لیجو	اگر تحقیق ہو تو شک نہ کیجو
اگر بتی کو کوئی دود (یعنی دھواں) کھاوے	تو اسکے صوم میں نقصان آوے
اگر بتی سے دایم محترز ہو	دھواں مت کھا نہ اپنے روزہ کو کھو
لگاوے سرمے کو صائم تو ڈر نہیں	جو ڈالے تیل سر میں تو ضرر نہیں
اگر بیت الخلا میں جائے صائم	کرے نشف آب اول پس ہو قائم
بجز نشف آب ہرگز اٹھکے نہ جائے	کتب میں فقہ کی ایسا لکھا پائے
اگر اک بوند بھی اندر ہو داخل	تو صوم اسکا رہے لمحہ نہ اک پل
اگر باندی جو خدمت کرنے تھک جائے	ز فرط ضعف روزہ نہ رکھا جائے
اسے افطار کی سب سے رضا ہے	ولیکن بعد رمضاں کے قضا ہے
نہ دے مالک اگر افطار کا حکم	تو فرما ہووے گل فی النار محکم
اگر بیہوش ہو کوئی در ماہ رمضان	تو اسپر نین کفارت ہے قضا مان
جو کوئی دیکھے معراج الدرایہ	نظر آوے گی اسمیں یہ روایت

بلع جس نے کیا اک تل کا دانا
ویا اٹکا تھا منہ میں رشب کا کھانا

تو روزہ اسکا سالم ہے نہ جاوے	نہ اسپر کچھ قضا کا حکم آوے
اگر خارج سے اک دانہ بھی کھایا	گویا روزہ اُنے ہاتھوں گنوایا
اگر دیوانہ ہو تو کچھ نہ آوے	کفارت اور قضا اسپر نہ آوے
اگر صایم کو قے منہ بھر کے آوے	دیا خوں تے کرے سینگی چھڑاوے
دیا کچھ بھول کر کھاوے شکم سیر	تو اسکے صوم میں آیا ہے لا غیر
اگر صایم کرے قے دنیں دس بار	صحیح ہے روزہ اس پر نہیں ہے افطار
اگر لہو قے کرے یا آب ڈر نین	وہ صایم ہے صحیح اسکو ضرر نین

در بیان فطرۂ ماہ رمضان گوید

ہم فطرہ عید رمضاں کا دیئے جاؤ	سوا پنج سیر گندم دے اجر پاؤ
اگر گندم نہ ہووے تو دے آٹا	روا ہووے اگر ستو بھی بانٹا
اگر جو یا جواری ہو یا خرما	دو چند گندم کا مت دینے کو شرما
اگر ہو باجرہ تو بھی یہی تول	جو ہووے ناگلی تو بھی یہی ڈول
ولیکن عید کو دیوے تو بہتر	قبل گر عید کے دیوے تو خوشتر
جو گذرے عید کے دن تو قضا ہوئے	دے فطرے کے اجر اپنے سبھی کھوئے
پسر بالغ کا فطرہ نیں پدر پر	اگر دیوے تو پاوے اجر اکبر
دے ماں باپ پن کا لازمی نین	اگر دیوے تو اجر و نیکی کمی نیین
صغیروں کا بھی فطرہ باپ پر دین	عبیدوں کا بھی ہے بالراس والعین
مصلی عالموں کو دے تو افضل	فقیروں کو بھی ہے دینا مفصل
ولیکن ایک کو دینا ہے اولے	کہ جس دینے سے راضی ہووے مولے
نقد دیوے تو فطرہ سب سے افضل	فضل واجب کا پاوے گا مکمل

در بیان مذمت زنان کہ گریہ وسینہ زنی می کنند گوید

چلانے پیٹنے سے لعنت آوے	حشر میں کیا سیہ رونے کے جاوے

؎ حساب بمبئی سیر چھبیس تولہ آٹھ ماشے کا ہوتا ہے ۔

جو پیٹے اسپہ لعنت کا حکم آئے	سنے جو دل سے وہ بھی لعنتاں پائے
چلانا پیٹنا دونوں ہیں ملعون	بچو اس فعل سے جو ہے گا مطعون

در بیان سبقت سلام گوید

کرو سبقت سلاموں کی ہے مسنون	اسی عادت سے ہو محشر میں مامون
پیچھے دیدار حق سے ہوئے مبشر	بہت آسان اسپر ہووے محشر
اسے سکرات بھی آسان ہوئے	خدا کا فضل ہر آن اسپہ ہوئے
ملک موت آ سلام اسپر کرے زود	سبھی اعمال اسکے ہونگے مودود
فتاوے میں ہے عالمگیر کے یوں	مطالعہ کرکے دیکھو شک ہے کیوں

در بیان شبہ نماز گوید

اگر وصف نماز اندر شبہ آئے	ہے مفتاح میں نماز اسکی نہیں جائے
وے وصف نماز اسکی کہی جائے	دوگانہ کا رباعی بوجھ میں آئے
تو سجدہ سہو دے بعد از تمامی	نماز اسکی ادا ہو از اہتمامی
اگر اصلی نماز میں کچھ شبہ آئے	نماز اسکی سو اسکے ہاتھ سے جائے
شبہ اصلی نماز اندر یہ معنے	ظہر کو فجر کے دو فرض جانا
دیا کوئی جمعہ کو بوجھا عصر کو	دیا بوجھا تراویح کوئی وتر کو
تو استیناف[1] اسپر واجب آوے	عیون میں دیکھ یہ مسئلہ دکھاوے
نماز فرض کا گر وقت تنگ ہووے	اک آیت پر رکوع گر وقت تنگ ہووے
اگر زائد پڑھے گا تو جفا ہے	بوقت ضیق کے پڑھنا خطا ہے
حمادیہ میں دیکھو ہے روایت	میرے مسئلے کی کرتا ہے حمایت

در بیان نماز پیش و پس صف گوید

نہ ہو مت جاؤ اندر صف پس و پیش	بنگ دیگر کھڑے مت رہو کم و بیش
اگر ہووے تو کھووے شطر اعمال	نماز اپنی کرے گا نصف بطال

[1] استیناف بمعنے شروع سے پڑھنا ۱۲

صحیح مسلم میں وارد ہے رکھو یاد
تغافل سے نہ کر عملوں کو برباد

کھڑے رہ صف میں سب کے فرجہ مت رکھ
وگرنہ دخل پاوے دیو ناپاک

صحاح ستہ میں وارد ہے یہ فرمان
بجا لانا نہ بازی دیو شیطان

جبھی تکبیر اقامت کی شروع ہوئے
صف اول میں اقامت کو پڑھے کوئے

پڑھو مت نفل و سنت ایسے اوقات
بہت احوط نمازی کو ہے یہ بات

تیمم سے نمازاں کوئی پڑھاوے
امام ہو گر تو اسکو جائز آوے

یہ جائز ہو تبھی جب ہو تعذر
وگرنہ لیکن مجوز حسن بہادر

محیط اس کا ہے شاہد قول حیدر
تو ہو اس مشک نافہ سے معطر

در بیان مذمت کاہناں و رمالان گوید

سخن کاہن کا گر باور کرے کوئے
وہ کافر ہے لے ایماں کیوں ہوئے

نجوم اور رمل پر ایمان مت لا
خوشی سے کفر کی دوزخ میں مت جا

نہ لا تصدیق باہمن سیوڑوں پہ
یہ رانڈے حق تعالیٰ کے ہیں کافر

جو عورت بہمنوں سے پوچھنے جائے
تو اس بدبخت کو بے ایماں تو پائے

بغیر از کفر اسے کچھ ہت نہیں آئے
خدا ابن مصطفےٰ ابن کس کی ہو جائے

جو کوئی ہر شرک سے بیزار ہوگا
تب ہی حق کا اسے دیدار ہوگا

کہے کوئی جا کے مومن عورتوں کون
پھر آوے منہ کفر اور بدعتاں سون

کرو مت رسم کفاروں کی ناپاک
نہ ڈالو سر پہ اپنے جہل کی خاک

بتوں کو مانتی ہو مثل کفار
شتا شیطان تمہارے گے ہیں زنار

در بیان مذمت ستواسہ گوید

رسم کرتے ہو ستواسے کی بسیار
چھٹی کی رسم سے بھی ہو بزہ کار

نکاح میں سہل کر بکریں ہو جلوہ
قیامت میں ہو بھاری تم پہ بلوہ

کیا ہے فرض کو باطل ہزل پیش
سبھی علما کو کرتی ہو جگر ریش

مخالف نص قرآن و حدیثات
یہ کیا ہے دین تمہارا اے خبیثات

نکاح تو بغیر جلوہ معتبر نین   تمہارے زعم میں یہ کفر تر نین
پڑوگی ہاویہ کی ہائے ہوں میں   نہلاویں گے جہنم دوزخوں میں
بھرے گیان گو ستوا سے بالنار   ملینگے خواپچے بھر بھر کے انگار
نہووے گا شفیع واں کوئی حاشا   نظر آوے گا جلوے کا تماشا
جسے جلوہ پہ دل سے اعتقاد آئے   مسلماں نیں اسے کافر کہا جائے
نکاح میں جلوہ یاں کب معتبر ہے   تمہارا پیشوا شیطان خر ہے

در بیان مذمت رسم جلوہ گوید

سنو اب رسم جلوے سے ہو بیزار   وگرنہ قبر ہوگی متصل نار
یہ کار کفر ہے مت رسم بجا لاؤ   گلے میں طوق لعنت کا نہ کوئی پاؤ
جہالت کی خمر پی کر نہ ہو دنگ   پلائی ہے تمہیں شیطان نے بھنگ
نہ کچھ ایمان ہے تمکو نہ دیں ہے   تمہارا تو گرو شیطاں لعیں ہے
مخالف حق سے رہتے ہو نبی سے   قطب سے غوث سے بلکہ سبھی سے
غضب کی آگ میں جلنا پڑے گا   سدا دوزخ میں تلملنا پڑے گا
جو کوئی ان بدعتوں سے باز آوے   تو وہ تعظیم سے جنت میں جاوے

در بیان قباحت تارک الصلوٰۃ گوید

نہ کر اب ترک تو صلوات مکتوب   کہ تا دوزخ میں نہ لٹکائیں مقلوب
ملیں گی واں میں عالی عمارات   سر پر پڑ تکلف ہوگا درکات
جہنم کا تو خود سردار ہوگا   کیا جو کچھ سو سب مردار ہوگا
نہ ہو تارک نمازوں کا خبردار   بچھا مت خوابگاہ میں اپنے انگار
جو بوجھیں فرض دے تحقیق کافر   الجھا گے ہیں بڑے بدبخت خاسر
نماز فرض کا تارک ہے ملعون   حقارت سے کہینگے اسکو فرعون
شرابی ظالماں سے وہ زیادہ   اگرچہ شیر نر ہے تو بھی مادہ
ترک فرض نمازوں کا گناہ نیں   اگر گفت کفر اسکو پناہ نیں

ہو جو اس غضب میں کوئی گرفتار — وہ اخبث ہے وہ انجس ہے وہ بدکار

در بیان رسم بھڑو بھڑنا گوید

بھڑو بھڑنی ہے میراں کا ہو بیباک — سٹکیاں اپنے سر پر حشر کی خاک
نہ فرمایا نبیؐ نہ عالموں نے — نہ فضلاء نے کہا نا کاملوں نے
یہ شیطانی رسم کہاں سے نکالیاں — بجاتے ہینگے شیطان اسپر تالیاں
نقارے ڈہول بجوا کان پھوڑیں — نبی کو چھوڑ شیطاں ساتھ جوڑیں
مرے کوئی تو اسے پیٹیں ہو ملعون — جنہوں کے فعل سے ہنستا ہے فرعون
پیچھے خرچیں زیارت کے بہانے — پکاویں خوش پلاویں کھیر کھانے
زیارت کا نام شادی کا کریں ٹھاٹھ — پکاویں زردہ بریاں بکریاں کاٹ
اگر سودی ملے تو قرض کاڑھیں — ملے نہیں سودی تو گھر بار بیچ ماریں
بلا مجو کو وہ قصے پڑھاویں — گاویں ریختہ سب شب گاویں
گذاریں رین سب در تان بازی — حقہ کش بھنگیاں اور بے نمازی
ذرا نہیں موت کا ڈر غرق غفلت — بھلا فرمان حق کرتے ہیں بدعت
نہ خوف حق نہ پیغمبر سے ڈرنا — جو کچھ شیطاں سکھایا سو ہی کرنا
ڈفالی کو صبر نجا پوجتے ہیں — اگرچہ معصیت بھی بوجھتے ہیں

در بیان ستر مردان و زنان گوید

ستر سب عورتوں پر فرض آیا — رسول اللہ نے آیت پڑھ سنایا
بڑا احساں ہوا سب عورتوں پہ — خدا کا مصطفیٰ کا پیار اکثر
کرے رد اس فعل کو ہو بزہ کار — اٹھایا منہ سے برقعہ شرم اکبار
پڑی پھرتی ہیں ہر ہر کوچہ بازار — نہ حق کا خوف نہ کچھ شرم اور عار
کھلے سر پیٹ اور جوڑ پہ حیران — کریں نظراں انہو پر جوان و پیران
کھڑیاں ہوں راہیں گیت گاتیاں — ننگے سرپاؤں ہوکے کھول چھاتیاں
بیگانے مرد کو کرلیں اشارے — اور پر وہ بیٹھ کر ماریں نظارے

پڑیں گیاں اس کبیرہ سے سقر میں
دھکے گی آگ محشر تک قبر میں

کیا ترک فرض حق فرمان سے بھاگ
کہ کاٹینگے سقر میں آگ کے ناگ

ستر ہے عورتوں کا چھتر عورت
ہزاروں فضل مضمر اس میں حکمت

جو ہووے استری اوچھل سی بیزار
جہاں میں ہووے رسوا حشر میں خوار

رذالیاں عورتاں کیا قدر بوجھیں
نظارے غیر محرم کے جو سوجھیں

گدھی کی گت پھریں سارے نگر میں
انہیں آرام کیونکر آئے گھر میں

جو دیکھے غیر محرم پر نظر بھر
وہ ملعون ہے وہ ملعون ہے وہ خر ہے

جو دیکھے مرد کو عورت ستر کی
خرابی کیا کہوں اسکے قبر کی

انگارو نکے اسے ہونگے چھپر کھٹ
بُرے احوال اسکے ہونگے پھر گھٹ

نظارہ گر کریں مردان زنان کا
سزا ان کو ملے گا عاصیاں کا

غرض دونوں پہ عصیاں کا حکم آئے
معافی فقط اُنہوں پر کوئی نہ فرمائے

دربیان تارک الصلوٰۃ زنان گوید

کیا ہیں عورتاں سب ترک صلوات
جہنم میں پڑیں گیاں روز عرصات

ہزاروں میں کوئی اک ہے نمازی
دیا ان کو ہے شیطاں سخت بازی

بہت عورات ہیں شیطاں کی محکوم
ہیں محکوم اسکے سب جنت سے محروم

نہ ہو تارک نمازوں کی اے عورات
کروگی سیر کو دوزخ کی درکات

مداری بے نمازی سب جلینگے
جہنم میں ہمیشہ تلملیں گے

نمازوں سے تو بس انکار راکھیں
چھمر توحید سے کبھی کفر ہانکیں (چھوڑ)

شراب و بھنگ و تاڑی انکو وافر
کہتے ہیں سارے علما انکو کافر

شراب و بھنگ و تاڑی کو بلا ہے
نہ پی اسکو خباثت بر ملا ہے

غرض سب کو کیا شیطاں نے ہے خوار
ہوئے سب تابع اسکے داخل النار

مگر خاصے بچینگے اسکے شر سے
سبھی ڈرتے ہیں ایسے گور خر سے

دربیان بے حیائی زناں گوید

ستر کو غیر کے دیکھے اگر کوئے　تو لعنت اسپہ حق کی خواہ مخواہ ہوئے
جو عورت عورتوں کا ستر دیکھے　غضب سے حق اسے فی النار پھینکے
دِگر لعنت کے خلعت حق سے پاوے　حوالہ آگ کا اس پر ٹھہراوے
نہ دیکھے ستر کو عورت کے عورت　کہ تا حق سے نہ آوے اسپہ لعنت
نجاؤل قضا حاجت کو دوچار　نہ دیکھو ستر اک کا ایک ہو خوار
اگر اس فعل بد سے باز آویں　تو رحمت کے تحائف حق سے پاویں
ہندوؤں کی عورتوں تو بے ستر ہے　نہیں دل میں خدا کا جنکے ڈر ہے
بیٹھیں میدان میں جا کر خلا کو　انہو نکے ساتھ کیوں ہوتی بھلا ہو
وہ مشرک کافراں منکر کمیں ہیں　تم نبی کے امتی اور اہل دیں ہیں
یہ سب رسموں پہ ڈالو دھول یکسر　کہ راضی حق نہو اور تم سے پیمبرؑ
کرے جو رسم کافر تو یقیں ہے　انہو نمیں سے ہے تو مسلم نہیں ہے

دربیان نکاح ثانی گوید

اگر شوہر مرے تو بعد عدت　نکاح ثانی کرے تو بتن ہے بدعت
کئے ہیں یہ عمل عورات اصحابؓ　کرومت عیب تم ہر گز دریں باب
اگر مانع ہو کوئی ان کے نکاح کا　تو ہو اسپر گناہ اسکے سفاح کا
جو عصمت سے رہے تو سب سے اولیٰ　اجر بخشے اسے جنت میں مولےٰ
اگر نہ رہ سکے تو اسکو رخصت　نکاح کرے نہیں ہے اسمیں بدعت
نپچے لیتیاں کرستے گر حرامی　جابیں گیاں تا رہیں سنیو مدامی
آوے اس فعل سے عزت میں خامی　رہے گی نا انہوں کی نیک نامی

دربیان جوگار بازی گوید

قمار آیا ہے باللہ ذریعؔ ملعون　جو کھیلے گا وہ ہے شیطاں کا مظعون
اوتے ایمان کو گھر سے نکالا　کیا ابلیس اسکے منہ کو کالا

لہ ذریع بالفتح بمعنے فاش و پراگندہ ۱۲

ہُوا دجال کا وہ خانساماں — پکاریں تا خلائق اسکو شیطان
شرابی پھبتیاں ہیں اسکو بولیں — خبیثاں سارے اسکے عیب کھولیں
رہا ہیں اسکو نیکیوں سے سروکار — رہے گا حق تعالےٰ اسپہ قہّار
حرام اسکو نہ بوجھے سو وہ کافر — کبیرہ ہے کبیرہ بلکہ اکبر
اگر توبہ کرے تو ہے شفاعت — وگرنہیں اجر اس کا پر خباثت
کبیرہ ہے کبیرہ یہ گناہ ہے — خدا کے قہر سے نین اس پناہ ہے
پچیسی نرد شطرنج کل ہیں مردود — شرع ہیں بدترین اقبح ہیں مطرود
یہ چوسر کھیلنا بازی لگانا — حرام ہے شرع ہیں یہ گوہ کھانا
اگر کوئی کھیلتے دیکھے تو اسپر — گناہ ہے دیکھنا جوں ستر مادر
نہ کھیلو میسرہ نہ نرد و شطرنج — ڈباوے دین کو تیرے بصد رنج
لگی دوزخ کا تجھ والی کرینگے — سبھی حسنات سے خالی کرینگے
اگر توبہ کرے تو دین پاوے — وگرنہیں گھر ترے ابلیس آوے

در بیان مذمت زناں گوید

نہاؤ نہ ملکے تم دس پانچ عورات — نا در دوزخ کھلے تم پر ساعات
ستر تم دیکھتی ہو ایک کا ایک — جہنم میں جلاوے گا تمہیں سینک
نہ دیکھو ستر اِک کا ایک زنہار — نہ ہو لعنت نہ داخل ہو فی النّار
بچھاویں گے قبر میں خار تیران — مصاحب بد تمہارا ہو وے شیطان
کروگی سیر صحرائے سقر کا — کھلاویں پڑ دوزخ کے تھوہر کا

در بیان مذمت شرک گوید

شرک کرتی ہیں پیران ہوکے بیباک — ذرا بھی حق کا انکے دل پہ نہیں دھاک
کوئی کہتی ہے بالا مرے پوت — کہتی جاتی ہیں دیرا پوجنے بھوت
کتنی رکھتی ہیں چوٹی پیر کے نام — کتنی مشرک ہو رکھتیں پیر کے نام
کتنی کا کا شور کو دل سے مانیں — کتنی منوت پہ جانا ریل بھابین

کتنی روزے رکھیں لونڈی وسا کا — کتنی مانت کریں شیطاں کی ماں کا
بڑی بدبخت ہیں محروم رحمت — خدا کو چھوڑ کر لیتی ہیں لعنت
ارے مانگو خدا سے وہ ہی دیوے — نہیں طاقت کسی میں جو دلاوے
اگر عالم سبھی مل کر کے آوے — نہیں اک مو مثل مالک بناوے
وہی خالق جسے چاہے اسے دے — اگر چاہے نہیں تو باز لیوے
وہاں چارا کسی کا نہیں ہے چلتا — اسی کے خوف سے ہر کوئی گلتا
نہ پوچھو غیر رب سے تم کسی کو — دیوے لیوے یہی قدرت اسی کو
بوجھو محتاج ہے ہر کوئی اس کا — نہیں ہے احتیاج اسکو کسی کا
کرو توبہ تو تم پاؤ خلاصی — نہیں تو جائے ایماں ہوگے عاصی

دربیان مذمت تاڑی خواراں گوید

نہ پی تاڑی خدا اس سے ہے بیزار — بہت رسوا حشر میں ہوئے گا خوار
مُرے ہیں موت سے بدتر کہا جائے — مرے ہیں خمر سے بدتر ہے فرمائے
بہت بدبو تعفن گوہ سی آوے — اگر کتے کو دو تو منہ بناوے
کہیں جاہل اسے رس جھاڑ کا ہے — یہ کلمہ کفر اور اہل النار کا ہے
نہ بولو اس طرح ایمان جاوے — خدا سے دور پڑا ایماں گنواوے
حرام اسکو نہ بوجھے ہے وہ کافر — زیاں وہ حشر کے چکھے گا وافر
خرابی دین کی ایماں گنواوے — ولیکن سو خوشی شیطان پاوے
وہ ہے دشمن خدا کا دشمن دین — اسے کہیں پیشوا سارے شیاطین
وہی دیوان ہے شیطاں کے گھر کا — وہی سراوج ہے دجّال خر کا
اگر توبہ کرے تو عفو ہو جائے — وگرنہ ویل میں الٹا ٹنگا جائے

دربیان حقوق شوہر بر زناں گوید

خصم کا مرتبہ آیا ہے افضل — بجا لائے جو خدمت ہو منفعل
خیانت مت کرو شوہر کی زنہار — وگرنہ حشر میں ہوگی داخل النار

خصم کو چھوڑ تنہا کھاؤ مت رے	رضا بن باپ کے یاں جاؤ مت رے
بہت آداب سے راکھو رضامند	کرو خدمت جو ہووے تم سے خرسند
خدا خوشنود راضی ہووے شوہر	خوشی ہوں مصطفےٰ احق کے پیمبر
تمہارے ہر عمل میں ہووے برکات	جواب مت دو تم ہی شوہر کو عورات
شفاعت اسکے گھر خود چلکے آوے	بہشت بھی اسکے استقبال کو آوے

دربیان مذمت صحنک گوید

یہ صحنک کی رسم کہاں سے نکالیاں	ملائک کیوں ندیویں اسو نکو گالیاں
کہیں یہ طعام کھاوے کوئی مرد نین	مگر پرچھاؤں بھی ہرگز پڑے نین
نہ حاضر ہووے اس مجلس میں لڑکی	ایسی رسموں سے کل کھاوینگے جھڑکی
نہ بی بی نے کبھی چاول پکائے	نہ فرمایا نہ کب کھانے میں آئے
نہ منقول و نہ آثار و حدیثات	یہ بدعت ہے کھانے پایاں ہیں خبثیات
پکانا اور کھلانا کچھ گناہ نین	کرینگے رسم تو ان کی پناہ نین
رسم چھوڑو کھلاؤ سب جماعت	ثواب ہووے گا مت اسمیں قباحت
رسم کھانے پہ ہے مکروہ تحریم	اکرو مت رسم گر محشر کا ہے بیم

دربیان مذمت مہندی گوید

رسم مہندی کی کرتی ہینگی ڈر نین	وہ حضرت پیر کا دل میں خطر نین
دیکھو مہندی پہ ہیں روشن چراغاں	منگیں اولاد و ملک و مال و باغان
چڑھاویں ہار موگرے کیوڑا بیل	بھی لٹکاتی ہیں میوے کیل ناریل
پیچھے کر سجدہ مانگیں ہیں مرادات	یہ کیا ہے کفر اور کیسے فسادات
عذاباں حشر کے ہیں سخت بھاری	بہت رسوا کرینگے ہوگی خواری
خدا سے دور پڑ دوزخ میں مت جاؤ	نبی کو چھوڑ مت کفروں میں آؤ
کرو مہندی نہ اس سے باز آؤ	وگرنہ ویل میں سیدھی چلی جاؤ
خجالت حشر میں کھینچوگی بیحد	سبھی کھانے پکانے ہوئینگے رد

نہیں راضی ہے بدعت سے کوئی پیر	ہووےگی رد مٹھائی کھچڑی اور کھیر
جنھوں نے ترک ہوئی نیں ایک سنت	انھوں کو کیوں پسند آوے یہ بدعت
ندامت سے صباح سب تلملوگے	خجالت کے تو سے ہیں دل تلوگے

دربیان مذمت کونڈا گوید

بڑی بدعت ہے کونڈے کی اے یارو	یہ بدعت عورتوں سے ہے بچارو
انھوں سے خوف حق کا اٹھ گیا ہے	نہ ان کو دین احمد کی حیا ہے
جو آوے من میں بدعت وہ کیے جائیں	نبی کی کچھ حیا نیں حق سی شرمائیں
کرو توبہ رسوماتوں سے جہال	قیامت میں پڑیگے تم پہ جنجال

دربیان مذمت چھدالیاں گوید

چھدالیو نے نکالی ہے گی ہٹی	یقیں بوجھو یہ دوزخ کی ہے ہٹی
لگایا مورچہ ایماں پہ شیطاں	رسم سکھلا گیا ہے تم کو ہامال
رسم کی تم پہ ڈالا ہے وہ برکی	بجاتا دمبدم ہے تم پہ برکی
جڑیں کھووے تمہارے دیں کی کافر	سکھائے تم کو اپنی رسم افر
ہلاک ہووین نہ کیوں محشر میں عورات	نکو بگڑوا رلیا اور حکمنات
سمہاپٹی نہ دیو کافر مرگی	جہنم کے سنڈاسوں میں پڑوگی
بجز توبہ تمہارا دیں نہیں رہے گا	یقین ہن اتنا کون تمکو کہیگا

دربیان مذمت گنج بھرنا گوید

رسم کرتی ہیں گنج بھرنے کی عورات	گنہ کرنے میں کیوں گرتی ہو مورات
خدا کو چھوڑ کر جاتی کہاں ہو	نبی سے توڑ کر آتی کہاں ہو
یہ گنج نہیں بلکہ بوجھو رنج دوزخ	جلادیگے تمن کو بیچ دوزخ
خوار ہوتی ہو کیوں محشر میں عورات	تمہارا گروہ ہے کیا ابلیس بدذات
قیامت کی ہے تمکو کچھ بھی دہشت	نبی سے دور ہو نہ کرو حق سی ہشت
نہ فرمایا اماموںؒ نے نہ اصحابؓ	نہ تبع التابعینؒ نے بھی دین باب

شریعت کا نہیں ہے تمکو بہانا
نبی کے دین بنا نہیں کہیں ٹھکانا

کرو توبہ تمہیں از گنج بھرنے
والا نہیں پڑیگے رنج بھرنے

دربیان مذمت ساختن منڈوا

رسم منڈوے کی نہیں تمکو سزاوار
نہ رہے ایمان ہووے داخل النار

اسے نلٹے بندھیں مانگیں مرادال
چلی جاویں جہنم میں ہوشادال

پیچھے ناریل کو توڑیں کر رسومات
دیوانہ کیا لگا ہے تم کو عورات

صندل گھس گھسکے لگاویں پیکے تاڑے
تمہارے راہ ان رسموں نے مارے

پیچھے لا اور ہتی اسکو اُڑاویں
آپس کے ہاتھ گھر اپنا چلاویں

گہنا پھولوں کا اسپر ہار ڈالیں
سراپا اپنا ایماں مار ڈالیں

دربیان مذمت رت جاگا گوید

رسم رت جاگا نکالی ہیں خبیثات
کہ جس میں فسق اور مملو فسادات

حلکھیں معجون کریں سب فسق چالے
پکھاوج ڈھولکی اور راگ والے

نہ واں مذکور ہے ذکر الٰہی
نہیں جز فسق واں کس کی دہائی

مخنث بن داں کسی کا کچھ عمل نین
محدث واعظوں کا کچھ دخل نین

وہاں سب سلطنت شیطان کی ہے
وزارت کل وہاں ہامان کی ہے

جو فاسق ہو سو ہووے واں کا ماہر
سبھی کا ڈانو اڈول واں ہووے ظاہر

نچاویں گے پلاویں راگ گاویں
ملائک واں سے سارے بھاگ جاویں

گذاریں رات سب وزنان بازی
حشر میں کیوں نہ ہووے جانگدازی

ایسی سئیات کو ٹھہرائیں حسنات
کہو حق کیوں نہ بھیجے اُنپہ آفات

ایسی جرأت خدا سے پیش نہ جائے
غضب آوے غضب آوے غضب آئے

یہ رسمیں کفر کی ہیں سب باز آؤ
وگرنہ قہر حق تمپر بلاؤ

خدا سے مت پھرو نہیں کوئی ٹھکانا
نبی کو چھوڑ کر کس کن سے جانا

کرو توبہ خدا سے شرک مت لاؤ
نبی سے دور پڑ دوزخ میں مت جاؤ

کرو توبہ رت جاگا نہ ہوناؤ ۔ دگرنہ ویل میں سیدھی چلی جاؤ
سنو اب دل سے یہ شیطان بازی ۔ کرو تم دور یہ بیہودہ سازی
رت جاگا خدا کے قہر کا نام ۔ کیا عورات اسکو رسم اسلام
کہتی ہیں بے حیا محروم رحمت ۔ کہ رت جاگا کیا خاتون جنت
معاذ اللہ یہ تہمت انپہ کیوں آئے ۔ مگر وہ مفتری خود ویل میں جائے
حشر میں مفتری ماخوذ ہونگے ۔ اگن میں تہمتوں کے خود جلینگے

دربیان مذمت ڈہول گوید

یہ بدعت ڈہول کی تمکو کئے خوار ۔ اسی شامت سے تم سب ہوگی فی النار
بغیر از ڈہول نیں ہوتی ہے شادی ۔ نہایت وہی ہے شیطاں تم کو آدھی
اگر مفلس کے گھر کہ طفل آوے ۔ بلا ہجڑے وہ گھر موڈی نچاوے
گرو رکھ چیز یا کہیں سے نکالے ۔ ویا وہ جا کسی سے قرض لاوے
ویا شیطان لا ان کو یہ باجہ ۔ خوشی شادی میں وہ کرتی ہیں گاجا
پکھاوج ڈہولکی مزمار سے تین ۔ نہوں شادی کے اندر معتبر ہین
کہیں شادی نہیں ماتم سرا ہے ۔ نہیں کچھ لاج بھی اسکو ذرا ہے
نہ خوف حق نہ پیغمبر سے ڈرتے ۔ جو کچھ شیطاں سکھایا وہ ہی کرتے
حلال اسکو صریحا بوجھتے ہیں ۔ چھڑک صندل کو اسپر پوجتے ہیں
اگر قاضی کے دوان جائے شرف پائے ۔ اسے مفتی باستقبال پیش آئے
مشائخ شہر کے اور سب سیانے ۔ کریں تعظیم اور دیویں دوشالے
عرس ڈہولکی بنا کسکے یاں روا ہے ۔ نقارہ ڈہول کے بن کچھ کہیں ہوا ہے
وگرنہ ہین وہاں جسکے گھر میں جان ۔ تو دیں انگڑیاں چھینٹ کے تھان
جسے مجلس میں ڈہولکی کا گذر ہین ۔ تو وہ میلہ وہ مجمع معتبر نہیں
ملے ڈہولکی تو سب کے یہاں ہی وہ فرا ہے ۔ یہ فرقہ دین میں بھی معتبر ہے
حرام ہے ناچ اور ڈہولکی شادات ۔ نچاو مت ڈومنیاں ہیں وہ منہیات

پکھاوج ڈھولکی مزمار ناقوس ۔ حرام ہیں شرع میں یہ فعل معکوس

دربیان حقوق والدین گوید

حقوقِ والدین ہیں فرض منصوص ۔ کلام اللہ میں آئے ہینگے مخصوص
کبیرہ سے کبیرہ تین گناہ ہیں ۔ اول سب سنی شرک باللہ ہیں
حقوق الوالدین آیا ہے بدتر ۔ کبیرہ سے کبیرہ ہیں یہ اکبر
پیچھے ہے قول زورہ شاہدی زور ۔ رکھے حق ان گناہوں سے تجھے دور
مؤدب رہ تو ماں باپ نسے دِرات ۔ بلند ہو دین تیرے دو جگ میں درجات
جوابان مت دو کوئی ماںباپ کو سخت ۔ نہ بولے تا خلائق تجھ کو کم بخت
جو گالی دیوے کوئی ماںباپ کو گھور ۔ پڑینگے اسکے تن میں کرم تا سور
جو کوئی ماںباپ کی خدمت کرے خوب ۔ تو ہووے گا دونوں عالم میں محبوب
کریں گر بددعا ناحق جو ماں باپ ۔ ہلاک ہو وے وہ لڑکا آپکے آپ
اگر ماں باپ تجھ ناحق ستاویں ۔ صبر کر تا ہدائیت حق سے پاویں
حقوق الوالدین آئے ہیں بسیار ۔ کہوں میں کب تلک انکو بیاں وار
اگر دے بادشاہی باپ کو آپ ۔ ادا ہرگز نہ حق ہووے گا ماں باپ
غرض ماں باپ کے حق کی نہیں حد ۔ رضا بن جو کرے سو ہے سبھی رد
کرے جو ماں سے بیٹے کو جدا کوئے ۔ وہی لعنت خدا کی میں غرق ہوئے
اسے سؤر کا کالا رُوسیاہ ہوگا ۔ جو روگردان پدر مادر سے ہوگا
جنت پاؤں تلے مادر کے ہیگی ۔ جو برّالوالدین اسکو ملے گی
غرض راضی رکھو تم باپ ماں کوں ۔ ڈرو تس دن تم ہی اس کبریا سوں

دربیان صلۂ رحمی گوید

صلۂ رحمی سو ہے گا فرض منصوص ۔ کہ کل فرضوں سے فرض ہیگا یہ مخصوص
صلۂ رحمی کا حق جس سے ادا ہو ۔ معیّن اس کا دو عالم میں خدا ہو
جہاں میں دو چیزیں انکو دی جائیں ۔ طویل العمر اور برکت کے تئیں پائیں

اسے برکت بھرا وہ رب ہے گا محفوظ
رکھے گا حشر میں حق اسکو محفوظ
پہاڑیں بانٹ کے تولیں گے اعمال
حشر میں ہوویگا وہ رب سے خوشحال
صلہ رحمی کے یہ معنے ہیں فرمائے
بھتیجوں بھانجوں کو پوچھنے جائے
براور بھی ہے اور نانی و دادی
بلاویں وہ تو جا گر ہووے شادی
غمی شادی میں سب کی ہو تو حاضر
انہونکو شاد کرتا ہووے شاکر
قبیلے کے جتنے ہیں سب کنے جائے
زہر احوال پرسی کر کے پھر آئے
ہر اک ہفتے میں سب کے گھر کو جائے
خبر لیوے سبھوں کو خوش کر آئے
قبیلے کے جتے ہوں سب کو مانے
انہونکو خوش کرے اور دوست جانے
سبھوں کی خیریت کو پوچھنے جائے
ہر اک ہفتے میں انکو پوچھ کے آئے
خبر سے خرچ کی گر ہوویں نادار
ستاوے کوئی انہیں تو اسکو للکار
غنی گر ہو تو اسکو پوچھ کر آئے
صلہ رحمی اسے کہتے ہیں علمائے
تو اسکے اجر کا کہاں تک بیان ہوئے
لکھے گا تو کہاں تک لکھ سکے کوئے
صلۂ رحمی سے اکثر ہینگے بیزار
اسی سے ہووینگے سب اہل النار
صلہ رحمی کا رٹ پکڑے عداوت
گذر رحمت سے پکڑے ہیں شقاوت
نہیں کرتا شقاوت اور عداوت
نہوگی جسکے کرنے سے شفاعت
نہ جاؤ ویل میں جنت کو رٹ کے
لگینگے نار کے وال تم کو پھٹکے

در بیان مذمت سحر و ساحر گوید

نہ سیکھو سحر جادوگر ہے کافر
خدا کی لعنتیں اسپر ہیں وافر
شفاعت اسکی محشر میں نہ ہووے
ثبور اور ویل میں جا کر کے سووے
کلام اللہ میں کئی آئی ہیں آیات
مقام ہے ساحروں کا ویل درکات
وہ ہے دیدار کی دولت سے محروم
وہ فاسق ہے وہ فاجر ہے وہ مجذوم
پکاریں گے اسے دوزخ میں ملعون
رہے گا وہ سدا محشر میں مطعون

سے نام ہیں طبقات دوزخ کے ۱۲

سوال اسکا حشر میں ہوگا بھاری — کشاکش میں پڑے گا ہوگی خواری
سحر سیکھا سو کیوں ہووے مسلمان — نہ بچو کوئی بدل جادو کے ایمان
سحر کو سیکھنا ہوتا ہے کافر — ملے گی اسکو لعنت حق سے وافر
اگر کوئی سحر اور جادو سکھاوے — تو اس پر قہر حق خود چلکے آوے

در بیان مذمت نجومیاں گوید

یہ وصفنا عورتوں کا کفر آیا — کلام اللہ میں یہ مفہوم پایا
سراپا جھوٹ لعنت حق سے آوے — سلاسل ان کو دوزخ میں پہناوے
یہ علم الغیب کس کو نہیں سزاوار — بجز حق جو کرے دعوے سو فی النار
جہنم کا اسے والی کریں گے — نکال ایماں اسے خالی کرینگے
بڑے مردود ہیں وہ بے حیا زور — رکھے حق مومنوں کو ان ستی دور
جو کوئی باور کرے انکے اکاذیب — اسے بھی ویل میں ہووینگے تعذیب
نجومی ڈھونڈنے والے ہیں مردود — ولے فرعون کے مخذول و مطرود
نہ دعوے کر یہ علم غیب کا زور — خدا اپنا کرے گا تجھ کو مقہور
اگر توبہ کرے تو مغفرت پائے — وگرنہ ویل میں سیدھا چلا جائے
معاذ اللہ پناہ مانگو خدا سوں — بچاوے ہم کو تم کو اور سب کوں
مکر سے دھن کے کچھ لکھتے ہیں بدزات — اکاذیب اور مزخرف اور خرافات
بہت مقہور و رسوا ہووینگے زور — شفاعت انسے ہوگی اک جہاں دور

در بیان مذمت ریش تراشیدن گوید

رکھو داڑھی منڈاؤ مت مسلمان — اگر ہے تم کو ہر سنت پہ ایماں
حرام آیا ہے داڑھی کا منڈانا — کترنا اور چننا اور گھٹانا
حکم ہے ریش کا رکھنا نبی سے — ز اصحاب و توابع اور سبھی سے
رکھو داڑھی منڈاؤ مونچھ سارے — اگر ہو اپنے پیغمبر کے پیارے
شرع میں مونچھ کا رکھنا روا نہیں — حرام ہے ہر کہیں جائز ہوا نہیں

رکھے گا مونچھ تو ہو جائے گا پوچ
جلیے شارب شرب میں غوطہ کھا جائے
رکھو ست مونچھ حضرت منع فرمائیں
اڑنگیاں ہو ستوں در روز محشر
محاسن حسن ہے مومن کے اوپر
محاسن ہے تو شائع زمینداری
محاسن سے مسلمانی بچپائے
مچھندر کیوں نہیں ہیں یہ مسلمان
خدا کا قہر ہو بر ہر مچھندر
اگر باور نہیں تو جا شرع پوچھ
تو اس پانی کو حرمت کا حکم آئے
رکھیں مونچھیں تو امت میں کہلائیں
نہ سجدہ کر سکے گا رب کو وہ خر
محاسن بن کہینگے اسکو باندر
محاسن سے مسلمانی ہے ساری
محاسن سے نبی کا قرب پاوے
شباہت کفر سے کھوینگے ایمان
پڑینگے ہاویہ میں روز محشر

دربیان مذمّت تابوت گوید

رسم تابوت کی کرتے ہیں مہوت
نبی کی آل کی کرتے ہیں تحقیر
یہ کیسی بوجھ ان کو آپڑی ہے
اُسی مردود میں دیویں تفاخر
اسے اپنا مربی کر پڑے ہیں
اسی کی فتح کے مدّاح ہیں بھاٹ
اہانت رات دن سو آل کی ہے
در یغا گیا ہے وہ شمر شوم
گرایا دین کا کعبہ وہ ذوالفیل
بنا تابوت جو بت کر کے زینت
کریں عاشور خانہ ماتم آباد
رکھیں تابوت انکیں کر کے سنگار
پیچھے مانگیں ہیں ہم کو پوت آوے
خدا انکو کرے گا حشر میں بھوت
یزیدیوں کی کریں تعریف و توقیر
شقاوت انکے وال میں کیا پڑی ہے
اسی کی جھاڑتے ہیں جا کے آخر
اسی کی بندگی میں گر پڑے ہیں
اسکی فوج کی کرتے ہیں کئی ٹھاٹ
اسی سے اسکے گھر کی پالکی ہے
نبی کی آل کو کیا جگ سے معدوم
الٰہی بھیج ان پہ وہ ابابیل
کریں جھک جھک سلاماں با عقیدت
ولیکن فی الحقیقت عیش برباد
مگس رانی کریں اسکی وہ بدکار
ترقی رزق ہو دولت دکھاوے

دیکھو تابوت کو کیا مانتے ہیں — اماموں سے بھی افضل جانتے ہیں
دیکھو دل سے بھی اسکو پوجتے ہیں — اگرچہ معصیت ہی بوجھتے ہیں
علاوہ پر اسی کو وارتے ہیں — علم اور سیف پٹا کو جھاڑتے ہیں
جلا لکڑوں کو ہولی ہیں وہ کھیلیں — اماموں کی نہ ہر میت اسمیں بولیں
شہر سارا اپنے مطلب کھٹولیں — اہانت کی بیاضوں کو وہ کھولیں
بہت بدمست ہوکر جلتے جاتے — جہالت سے آپس میں نہیں سماتے
دیکھا دیکھی آپس کو پیٹتے ہیں — گریباں چاک کرکر کوٹتے ہیں
وے دل میں کسی کے تو نہیں درد — بہت جھوٹے حشر میں ہونگے رُو زرد
سیہ رو کل کو محشر میں جلینگے — یزیدی دل میں سب تلملینگے
کسی مذہب میں یہ جائز ہوا نہیں — سُنی اور شیعہ میں بھی روا نہیں
یہ بدعت کھیل کی ہر اور خوشی ہے — فاما نے الحقیقت دین کشی ہے
اسی بدعت سے کل ہووینگے وہ خوار — نجاست سے سبھی ہووینگے فی النار
تمسخر آل کا ہوتا ہے سارا — شیاطینوں نے سارا دیں بگاڑا
اہانت آل کی کرتے ہیں ذرات — منازل انکے ہونگے ویل و درکات
بنا ماتم سرا کرتے ہیں عشرت — کر اسراف اں دکھاتے ہیں یہ ہمت
بلادیں رام چھپنا چھوکرے گائیں — زٹل کہانیاں قصے اور مرثیہ گائیں
مٹھائیاں دودھ پیڑے اور بتاشے — منگا پکوان کھانے کے ہیں خاصے
سبنوسے برنیاں کھاجے منگائیں — ضیافت کرکے دولتمند کھلاویں
مساکین کو جو کچھ ادیں تو احسان — فقیروں کو نہ جانیں ہیں وہ انسان
پیچھے تابوت کو رستے پھراویں — اسے لاتوں سے توڑیں اور دباویں
یہ دس دن عیش کو ماتم کہے ہیں — فساد و فسق فاجر کر رہے ہیں
کجا ماتم کجا غم اور کجا سوگ — تماشے کا سبھوں کو آلگا روگ
بٹھاویں حافظاں تو علین حسنات — کراویں ختم قرآن اور خیرات

کٹاویں خلعتاں کھاویں کھلانے	زبس خیرات سے وہ پیش آویں
ثنا صلوات سے مشغول ہوویں	اماموں کے لئے وزات روویں
یتیموں بیوؤں کو بھی دلاویں	ثواباں اجر حق پاس پاویں
یہ نیکی انکے ولکو نہیں ہے بھائی	فضولی اور شقاوت ان پہ چھائی
یہ حسنات انکے گردل ہیچ آتے	رہ حق چھوڑ کیوں سیئات جاتے
وبال ان پر پڑے گا ویل درکات	عذاباں سخت پاویں روز حشرات
اگر توبہ کریں ان بدعتوں سے	تو پاویں مغفرت کی خلعتوں سے

دربیان خاتمۂ رسالہ گوید

چھ سو ابیات سے زاید کہا ہوں	بیاں صوم اور صلواتوں کا کیا ہوں
اگر مقبول ہووے تو رجا ہے	یقیں حق سے مجھے یہ التجا ہے
زبے علمی وقصور کج فہمی	کئے ہیں سنے مسائل یہ تمامی
عرض ہے عالموں سے گر خطا ہو	کریں اصلاح جو عین عطا ہو
قباحت رسم کی کردی ہے ظاہر	خدا توفیق دیوے سب کو وافر
عذابوں سے کیا ہوں سب کو ماہر	نہ چھوویں انکو ہوویں دین سے باہر
جو تائب ہوں تو کل درجات پاویں	وگرنہ ویل کے والی کہاویں
الٰہی رشد بخشے تا پڑھیں کل	معطر کر معنبر رائحۂ گل
مرے ابیات کر مشہور آفاق	بحق آلہ اور ان کے اخلاق
ہر اک مکتب میں اس کا ذکر ہووے	ہر اک مبحث میں اس کا فکر ہووے
اسے ہر شخص کا ورد زباں کر	اسے ہر فرد کا تو حرز جاں کر
پڑھیں اس نظم کو سب اہل اسلام	کہ ہو جاری جہاں میں اسکے احکام
اسے مقبول کر نزدیک ہر فرد	اسے مشہور کرتا ہوں جہاں گرد
اسے منشور کر مانند باراں	رکھیں منظور اسے ہر دہ ہزاراں
یقیں فقہ المبین کو کر کے مختوم	بحق دین پناہ اور آل معصوم

صد و ہشتاد و دو پر الف ہجرت ۱۱۸۲ — بتاریخ ہمایوں گشت تمت
گیارہ سو برس اسّی اوپر دو — سن ہجری سے گذرے تھے بناکو

شروع ہوئی دعائے سُریانی معہ ترجمہ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اَنَا المَوجُودُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی — فَاِن تَطْلُبْ سِوَائِی لَمْ تَجِدْنِی
میں ہوں موجود سب مجھ پاس آؤ — مجھے شہ رگ ستی نزدیک پاؤ
جو میرے غیر کی راکھو طلب تم — تو نہیں پاؤ مجھے جس جاگہ جاؤ
اَنَا المَقصُودُ لَا تَقصُدْ سِوَائِی — کَثِیرُ الخَلقِ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی
تمہارا یا عبادی میں ہوں مقصود — نہ بوجھو مجھ بنا اور کوئی موجود
میں سرجنہار ہوں یہ سب خلق کا — جسے چاہوں کروں اک پل میں نابود
اَنَا الرَّبُّ الَّذِی یَخشٰی عَذَابِی — جَمِیعُ الخَلقِ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی
میں اے بندے اسم رکھتا ہوں قہار — ڈرے میرے غضب سے کل یہ سنسار
چلو دن رات مجھ شہ کے حکم پر — جو چاہتے ہو خلاصی میرے دربار
اَنَا المَلِکُ المُهَیمِنُ جَلَّ قَدرِی — عَظِیمُ المُلکِ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی
تمہارا میں ہمیشہ ہوں قدردان — اگر بستی میں ہو یا در بیابان
بڑی ہے بہت میری بادشاہی — پکڑ کھینچوں میں شاہوں کا گریبان
اَنَا المَعبُودُ لَا تَعبُدْ سِوَائِی — اَنَا الجَبَّارُ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی
سچا معبود مجھ بوجھو اے عباد — نہ ہرگز غیر میرے کی کرو یاد
میں غالب ہوں مر اسب پر حکم ہے — رکھوں غمگیں کسے رکھواں کسے شاد
اَنَا لِلعَبدِ اَرحَمُ مِن اَخِیہِ — وَمِن اَبَوَیہِ فَاطْلُبْنِی تَجِدْنِی
کروں اتنا رحم میں تم اوپر آپ — نہ ایسا کرسکے بھائی نہ ماں باپ

خبر لوں رزق کی اگر شب روز
تَجِدُنِیْ وَاحِدًا صَمَدًا عَظِیْمًا
میں ذاتوں ذات ہوں آپ ہی اکیلا
کروں احسان میں ہر ہر فرد پر
تَجِدُنِیْ مُسْتَغَاثًا لِیْ مُغِیْثًا
اے بندے آؤ سب مجھ پاس فریاد
کروں مظلوم کی میں دستگیری
وَاَرْحَمُ مِنْ عِبَادِیْ مَنْ عَصَانِیْ
کروں عاصی اوپر میں رحم فی الحال
مری رحمت کے ہیں معمور دریا
تَجِدُنِیْ فِیْ سَوَادِ اللَّیْلِ عَبْدِیْ
اے بندے تم اٹھو پچھلی پہر رات
تم ہی پاؤ گے مجھکو بہت نزدیک
تَجِدُنِیْ رَاحِمًا بَرًّا رَّؤُفًا
اے بندے نام میرا ہے گا رحمان
بنی آدم پرندے جانور کو
تَجِدُنِیْ وَاسِعًا لِّلْخَلْقِ خَیْرِیْ
کرم میرا خلائق پر ہے بسیار
کرو میرا ذکر صبح دم ہمیشہ
تَجِدُنِیْ فِیْ سُجُوْدِكَ حِیْنَ تَدْعُوْا
تم ہی سجدے منے داتاں پچھاڑو
دعا اس وقت میں ہوئیگی مقبول
اِذَا الْکَهْفَانُ نَادَانِیْ کَظِیْمًا

کروں بہا پر سی جب چڑھے تاپ
کَثِیْرُ الْبِرِّ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ رکھتا ہوں کوئی خادم نہ چیلا
نہ دیکھوں کون پہلا کون پچھلا
اَنَا الْقَهَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
اگر تم پر کرے کوئی ظلم و بیداد
اڑا دوں دولت ظالم کو برباد
بِجَهْلٍ مِّنْهُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہ دوں وعدہ اسے پر دوں فی الحال
کہوں نومید نا ہوویں یہ جہّال
قَرِیْبًا مِّنْكَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کرو اس وقت میں مجھ سے مناجات
سنونگا میں تمہاری پیاری وہ بات
بِکُلِّ الْخَلْقِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
صبح اور شام سب میرے ہیں مہمان
موافق حال کے پہنچاؤں سامان
اَنَا الْمَذْکُوْرُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
غریبوں عاجزوں کا میں سچا یار
جو سوتے ہو جو بیٹھے ہو جو ہشیار
وَحِیْنَ تَقُوْمُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کھڑے ہو کر ہزاراں آہ مارو
تم اپنے کام میں دو جگ سنوارو
اَقُلْ لَبَّیْكَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

اگر غمگیں پکارے مجھ پہ اندوہ
کہ اے مولا کیا ہے غم نے انبوہ

کہوں لبیک ہاں حاضر کھڑا ہوں
اٹھا دوں درد و غم کے دو بڑے کوہ

اِذَا الْمُضْطَرُّ قَالَ لَاتَرَانِیْ
نَظَرْتُ اِلَیْهِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

جو آوے غمزدہ مجھ پاس ناگاہ
کہ مارے بیقراری سے وہ اک آہ

کروں اس پر نگاہ لطف و کرم کی
چھڑاؤں بند غم سے کھول دوں راہ

اَتَعْرِفُ مَنْ یُّغِیْثُ الْخَلْقَ غَیْرِیْ
سَرِیْعُ الْاَخْذِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

خلق کی کون پوری مجھ بنا آس
رہے ذرات یوں موجود تجھ پاس

جہنم آگ سے دیوے خلاصی
سنگھاوے بہشت کے پھولوں کی خوشبو باس

اَتَعْرِفُ مُنْقِذًا غَیْرِیْ سَرِیْعًا
مِنَ الْهَلَکَاتِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

اے بندو کون ہے جو تم کو چھوڑے
سوا میرے ہلاکی سے چھڑاوے

نہ پاؤ غیر میرے کوئی دو جہان میں
کہ مشکل وقت اندر کام آوے

اَتَعْرِفُ مَنْ یَّقُوْلُ لِلشَّیْءِ غَیْرِیْ
یَکُنْ فَیَکُوْنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

ہے ایسا کون خلقت میں کرنہار
کرے اک حرف سے عالم کو اظہار

میں قادر ہوں بڑی قدرت ہے میری
نہیں میرے مثل زنہار زنہار

اَتَعْرِفُ سَاتِرَ الْعَیْبِ غَیْرِیْ
اَنَا السَّتَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

بڑا ستار ہوں میں عالم الغیب
چھپاتا ہوں زن و مردوں کے کل عیب

اگر چاہتے ہو خوبی یا عبادی
تو کسی کے عیب مت کھولو بلا ریب

فَاِنْ تَابَ تُبْتُ عَلَیْهِ عَبْدِیْ
اَنَا التَّوَّابُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

کرو تم یاد ہر دم روز میثاق
رہو اس عہد پر تم قوم عشاق

مری رحمت جو ہے سابق غضب پر
کرو اس طور تم تحسین و اخلاق

وَمَنْ مِّثْلِیْ فَاَیْنَ یَکُوْنُ مِثْلِیْ
وَلَیْسَ یَکُوْنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

کہو ہے کون جگ میں مجھ جیسا شاہ
کہیں دیکھی ہے ایسی عالی درگاہ

ہوا نہیں مجھ مثل کوئی نہ ہوگا
ہیں لاکھوں نام میرے ہوں اک اللہ

هَلُمَّ اِلَیَّ لَا تَقْصُدْ سِوَائِیْ
اگر چاہتے ہو اے بندو شرف تم
کرو شکرانہ نعمت دلوں سے
اَتَذْکُرُ لَیْلَۃً نَادَیْتَ سِرًّا
دعا مانگو اے بندو تم صبح شام
خزائن ہیں مرے معمور بھرپور
فَلَمْ یُجِیْبُکَ یَا عَبْدِیْ سِوَائِیْ
اے بندے سو رہے ہو کیوں اٹھو جاگ
جسے چاہوں اسے بخشوں خلاصی
وَلَیْسَ یَمْلِکُ الْفِرْدَوْسَ غَیْرِیْ
نہیں کوئی غنی کوئی قلندر
میں ہوں رزاق مطلق یا عبادی
اَھَلْ فِی الْخَلْقِ مَنْ یُعْطِیْ جَزِیْلًا
خلق میں کون ایسا ہے کہ بے رنج
یہ میری جود و بخشش کی صفت ہے
اَتَعْرِفُ سَاتِرًا لِلذَّنْبِ غَیْرِیْ
ایا ہے جگ میں کوئی مجھ سا غفار
میں بخشنہار ہوں جن و بشر کا
سَاَغْفِرُ لِلْعِبَادِ وَلَا اُبَالِیْ
بخش ڈالوں کروڑوں میں گناہان
نہ کوئی بھر سکے اس جائے پر دم
وَاُکْرِمُ مَنْ یُرِیْدُ بِلَا حِسَابٍ
جسے چاہوں اسے دوں بہت تعظیم

اَنَا الْمَقْصُوْدُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
تو چل آؤ شتابی مجھ طرف تم
نہ بولو غیر سیتی اک حرف تم
اَلَمْ اَسْمَعْكَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
چھپے ظاہر مجھے فرماؤ سب کام
سبھی مطلب کو پہنچاؤں سر انجام
مِنَ النِّیْرَانِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
ہے آگے دوزخ کی سخت تر آگ
نہ سیر غیر کی لائے وہاں لاگ
اَنَا الرَّزَّاقُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
جو تم کو محل دیوے بہشت اندر
فضل سے دوں قصور و حوض و کوثر
سِوَائِیْ لَیْسَ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
غریبوں پر لٹاوے یہ زر و گنج
لٹانے میں کروں نہ سات نہ پنج
اَنَا الْغَفَّارُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
غلاموں کے گنہ بخشے جو لک بار
ولے مشرک نہ بخشونگا میں زنہار
غَدَاۃَ الْحَشْرِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
حشر کے دن سبھوں کو دوں پناہان
نہ کوئی واں کر سکے اس وقت ناہان
اَنَا الْوَهَّابُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
خزانے بے عدد بخشوں زر و سیم

میں ہوں وہاب میرا لطف ہے عام
فَعَزِّزْنِیْ وَلَمْ تَرَ قَطُّ مِثْلِیْ
اے بندے کر تو مجھ سے آشنائی
نہیں میرے مثل دونوں جہاں میں
وَاَکْرَمُ مَنْ یَّتُوْبُ اِلَیَّ خَوْفًا
اے بندے خوف میرا رکھ تو دل مان
کرم میرا ہے سارے خلق پر عام
لِیَ الْاٰلَآءُ وَالنَّعْمَآءُ عِنْدِیْ
بخشنا نعمتوں کا ہے میرا کام
مری خیرات ہے جاری ہمیشہ
لِیَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا جَمِیْعًا
میں ہوں اللہ اور سب میرے ہیں بندے
مرے دربار ہو تم مت کہیں جاؤ
اَتَعْرِفُ مَنْ لَّهٗ اِسْمٌ کَاسْمِیْ
مرا ہے نام سب ناموں سے برتر
میں ہوں رحمان سبکو بخشتا ہوں
اَنَا اللّٰہُ الَّذِیْ لَا شَیْءَ مِثْلِیْ
میں اللہ بے مثل ہوں مثل سے پاک
میں ہوں حاکم چلاؤں حکم سب پر
اَنَا الْمَلِکُ الْمُلُوْکُ وَکُلُّ مُلْکٍ
یہ سب سلطان میرے نائباں ہیں
مری درگاہ کے جاروب کش ہیں
اَنَا اَفْنَی الدُّهُوْرَ وَقَبْلَ قَبْلٍ

یہ کہتا ہوں حرف از راہ تفہیم
وَلَسْتَ تَرَاهُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
اسی سے پائے گا عزت بڑائی
قبیلہ ہیں نہ مجھے نہ باپ مائی
لِیَ الْاِکْرَامُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کروں سب سختیاں تیری میں آسان
عبث رکھتا ہے کیوں خاطر پریشان
لِیَ الْخَیْرَاتُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
میں سارے خلق کو دیتا ہوں انعام
مرے محتاج ہیں سب خاص اور عام
لِیَ الْمَلَکُوْتُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
گڑے مجھ شاہ کے ہر ملک جھنڈے
نہ ہو تم چار آنکھوں ساتھ اندھے
اَنَا الرَّحْمٰنُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
مجھے لائق ہیں سب اوصاف بہتر
گداؤں کو ناں اور شاہوں کو افسر
اَنَا الدَّیَّانُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
ملا دوں مدعی کو خاک در خاک
مرے محکوم ہیں یہ ارض و افلاک
لِیَ الْمِیْرَاثُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
اگر ہیں حاضراں یا غائباں ہیں
اگرچہ اپنے گھر کے صاحباں ہیں
وَبَعْدَ الْبَعْثِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ

فنا کی جب خلق اوپر چلے جاؤ
رہے باقی ہماری بادشاہی
اَنَا الْوَهَّابُ یَا عَبْدِیْ سَرِیْعًا
شتابی طالبوں کو دوں ہیں مطلوب
مرے اوصاف جو تم کو سناؤ ہے
اَنَا الْمُفْرَدُ الْمُدَبِّرُ فَوْقَ عَرْشِیْ
کیا ہوں خلق کی ہیں آپ تقدیر
عرش سے فرش تک میرا حکم ہے
اَنَا الرَّبُّ الَّذِیْ لَا ظُلْمَ عِنْدِیْ
میں رب العالمین ہوں ظلم سے دور
سدا مظلوم کی سنتا ہوں فریاد
خَلَقْتُ مُحَمَّدًا نُوْرًا قَدِیْمًا
محمد مصطفےٰ ہیں ذات کے نور
کیا انکے سبب یہ سب ظہورا
وَیَشْفَعُ فِی الْخَلَائِقِ یَوْمَ حَشْرٍ
محمد مصطفےٰ روز قیامت
وہی محبوب میرا بے شبہ شک

تبھی اڑ جائیں سب جنگل ندی ناؤ
ارے ان غافلوں کو کوئی سمجھاؤ
وَلِیُّ الْعَهْدِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
وفائے عہد میرا فعل ہے خوب
یہی لوح و قلم میں رب ہیں مکتوب
بِلَا التَّکْلِیْفُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
ہے میرے حکم سے تقدیم و تاخیر
کروں اک آن میں ایجاد و تغییر
وَلَسْتُ اَجُوْرُ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کروں میں ظالموں کو خوار و رنجور
غریبی عاجزی ہے مجھ کو منظور
لَهُ الْبُشْرٰی فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
نہیں اک آن وہ مجھ قرب سے دور
میں ہوں ناظر وہی میرا ہیں منظور
اُشَفِّعُ فِیْهِ فَاطْلُبْنِیْ تَجِدْنِیْ
کریں گے جملہ عالم کی شفاعت
کرونگا اسکو راضی بے نہایت

یہ اسناد اسی دعائے سریانی کی ہے

ہمیشہ جو کوئی اسکو پڑھے گا
ورد کوئی چہل دن اسکو کرے گا
ہمیشہ مقبل و مقبول ہووے
دعا اسکی کبھی روکی نہ جاوے

امن میں وہ سدا حق کے رہے گا
نصیبہ بخت و دولت پر رہے گا
بلا سے چھوٹ کر وہ پاک ہووے
نہ کس کا وہ کبھی محتاج ہووے

قصیدہ غوثیہ شروع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کہوں مولےٰ کی اول حمد بیحد	دوم بھیجوں درود ان پر محمدؐ
سوم پر آلؓ اور اصحابؓ اوپر	چہارم غوث کل اقطابؒ اوپر
سناؤں باشرح تمکو قصیدہ	مریداں سنکے ہوویں آب دیدہ
کلام غوث صمدانی یہی ہے	بجوش عشق یہ بتیاں کہی ہے
بیاں یہ جو پڑھے باشوق ولذّت	خلائق میں وہ پاوے عزورفعت
گیارہ بار کی رکھے جو راتب	اسے حاصل ہوویں اعلیٰ مراتب
وہ دیکھے پیر کی درخواب صورت	اسکے دل سے اڑ جائے کدورت
وصل کا شربتِ شیریں پیا جب	یہ سرِّ باطنی ظاہر کیا تب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سَقَانِی الْحُبُّ کَاسَاتِ الْوِصَالِیْ	فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَعَالِیْ
قدح مجھ وصل کا حق نے پلایا	میں تب شوق الٰہی کو بلایا
سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِیْ فِیْ کُؤُسٍ	فَهِمْتُ بِسَکْرَتِیْ بَیْنَ الْمَوَالِیْ
اسی مستی نے مجھ میں جوش کیتا	تبھی یاراں منی بازی کو جیتا
فَقُلْتُ لِسَائِرِ الْاَقْطَابِ لُمُّوْا	بِحَالِیْ وَادْخُلُوْا اَنْتُمْ رِجَالِیْ
کہا تب میں نے غوثؓ و قطب آؤ	تم ہی مجھ وقت کی لذت کو پاؤ
وَهُمُّوْا وَاشْرَبُوْا اَنْتُمْ جُنُوْدِیْ	فَسَاقِی الْقَوْمِ بِالْوَافِیْ مَلَالِیْ
رکھو تم ہمت عالی اے مردان	شراب شوق کے ابلے ہیں حوضاں
شَرِبْتُمْ فُضْلَتِیْ مِنْ بَعْدِ سُکْرِیْ	وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّیْ وَاتِّصَالِیْ
حضوری میں مجھے حق نے رکھا ہے	فنا فی اللہ کا میں شربت چکھا ہے
مَقَامُکُمُ الْعُلٰی جَمْعًا وَّلٰکِنْ	مَقَامِیْ فَوْقَکُمْ مَا زَالَ عَالِیْ

بڑا رتبہ ہے تم سب کا ولیکن
بڑا رتبہ مرا انم رب سے اعلیٰ
اَنَا الْبَازِیُّ اَشْهَبُ کُلِّ شَیْخٍ
وَمَنْ ذَا فِی الرِّجَالِ اُعْطٰی مِثَالِیْ
دیا حق نے مجھے ہے باز کا زور
نہیں مرد و نہیں مجھ سا ہے کوئی اور
کَسَانِیْ خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ
وَتَوَّجَنِیْ بِتِیْجَانِ الْکَمَالِ
لباس خوش مرے کارن بنایا
شرف کا تاج میرے سر پہنایا
وَاَطْلَعَنِیْ عَلٰی سِرٍّ قَدِیْمٍ
وَقَلَّدَنِیْ وَاَعْطَانِیْ سُؤَالِیْ
چھپا تھا بھید سو مجھ کو بتایا
فضل سے حق نے مجھ بخشے عطایا
وَوَلَّانِیْ عَلَی الْاَقْطَابِ جَمْعًا
فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالِ
حکم غوث و قطب ابدال اوپر
مرا جاری ہے ہر اک حال اوپر
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ
لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ
مرے اسرار کے دریا کو پاوے
تو پانی در زمین اسکا سماوے
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ
لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی
مرا اسرار میت پر جو آوے
تو حکم حق سے وہ زندہ دکھاوے
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ
لَخَمَدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ
مرا اسرار گر یہ آگ بوجھے
تو ٹھنڈی ہوکے مجھ حالت سے دوجے
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِی الْجِبَالِ
لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالِ
مرا اسرار گر پاویں پہاڑاں
تو ذرہ ہوکے اڑ جائیں ہزاراں
وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ
تَمُرُّ وَتَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَا لِیْ
مہینہ یا زمانہ جب کہ آوے
مجھے احوال سب اپنا سناوے
وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاْتِیْ وَیَجْرِیْ
وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِیْ
کہے وہ نیک و بد اس پر جو گذرے
کہ یاراں نا کرو مجھ ساتھ جھگڑے
مُرِیْدِیْ هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ
وَافْعَلْ مَا تَشَاءُ فَالْاِسْمُ عَالِیْ
مریداں شوق سے تم راگ گاؤ
مرے اس دور میں کرلو جو چاہو

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللّٰہُ رَبِّیْ
مریدان نا ڈرو اللہ رب ہے
طُبُوْلِیْ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ
مری نوبت دو جگ میں باجتی ہے
بِلَادُ اللّٰہِ مُلْکِیْ تَحْتَ حُکْمِیْ
سبھی ملکوں میں ہے فرمان میرا
نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰہِ جَمْعًا
دو عالم مجھ نظر آیا دکھانا
وَکُلُّ وَلِیٍّ لَہٗ قَدَمٌ وَّ اِنِّیْ
نبیوں کے قدم پر اولیا ہیں
مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ
مریداں نہ ڈرو بدخواہ سیتیں
اَنَا الْجِیْلِیُّ مُحْیِ الدِّیْنِ اِسْمِیْ
لقب میرا محی الدین جیلی
اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمَخْدَعُ مَقَامِیْ
میں حسنی ہوں بڑا درجہ ہے میرا
وَعَبْدُ الْقَادِرُ الْمَشْہُوْرُ اِسْمِیْ
اسم ہے عبدالقادر میرا مشہور
قصیدہ غوثیہ پہنچا تمامی
بیان ہے رحمت اللہ بے نہایت

اَتَانِیْ رِفْعَۃً نِلْتُ الْمَنَالِ
کرم اس کا مرے پر روز و شب ہے
وَشَاوُسُ السَّعَادَۃِ قَدْ بَدَالِیْ
یہی شاہی مجھے سب باجتی ہے
وَوَقْتِیْ قَبْلَ قَلْبِیْ قَدْ صَفَالِیْ
صفا حق نے کیا دل جان میرا
کَخَرْدَلَۃٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ
جیسا جنگل میں اک رائی کا دانا
عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالِ
قدم مجھ پاس ختم الانبیا ہیں
عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ
نہیں شیروں کو ڈر روبا سیتیں
وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَاْسِ الْجِبَالِ
یہ سارے ہیں سو سب میرے طفیلی
فَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَاْسِ الرِّجَالِ
حکم میرا ہے سب مردوں پہ بالا
وَجَدِّیْ سَیِّدِیْ بَدْرُ الْکَمَالِ
مرا سید ہے جد جوں ماہ پر نور
مریداں تم کرو ان کی غلامی
کرو تم سامعوں کی اب رعایت

مریدوں سے جو کوئی اسکو پڑھے گا
خدا دیدار اسکو اپنا دے گا

تمت

یہ کتاب کلمات کفر کی شروع ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خداوندا بحق احمد پاک — عطا کر ہم کو تو ایمان و ادراک
عمل اور علم تو کامل عطا کر — ہمیشہ کفر سے رکھنا بچا کر
بناء اعمال کی اسلام پر ہے — کہ وہ اقرار تصدیق بشر ہے
زبان سے ہو مقر تصدیق دل سے — کہ ہے سچ حکم پیغمبر کا حق سے

فصل اول درصفت ایمان

صفت ایمان کی جس نے نہ جانی — عبث اپنی گنوائی زندگانی
نجانے وصف ایماں کی جو عورت — جدا خاوند سے ہووے بہ فرقت
جو بالغ ہو اسے لازم سکھانی — سبھی آمنت باللہ بامعانی

فصل دوم

گواہی شاہدوں نے دی بروئیت — ہوا منکر ہو یہ تو اس سے ڈرمت
نکاح اپنا نیا وہ پھر پڑھے گا — بدل تجدید ایماں کی کرے گا

فصل سوم

جو دانستہ کلام کفر بولے — یہ ظاہر ہے وہ کافر صاف ہووے
اگر ناداں سے کہے جو کفر کی بات — بقصد اپنے کہے یہ کفر و آفات
نہیں ہے جہل کا کچھ عذر منظور — مگر بے قصد سہواً ہے وہ مغفور
اکلت کی جگہ گر نکلا کفر تو — دیانت میں کہیں خطرہ سمجھ تو
جو ہے اتفاقی کفر اس سے — عمل ہوں حبط اور حج پھر کے کرے
وطی اس کا حرام اور ہو جو اولاد — زنا آوے کہا ویں کرے تو یاد
کرے توبہ نکاح از سر پڑھاوے — خلاصی اس بلا سے تا کہ پاوے
شہادت اور وکالت ہو بدستور — شریعت میں پڑھے تو عقد منظور

مگر تحقیق ہے اتنی کہ زن کا
اجازت سے وکیل آپ ہی وہ بن جا

وکالت میں اگرچہ ہوویں شاہد
یہ مرد ان شاہدوں میں ہووے عاقد

جو ہینگے کلمۂ کفر اختلافاً
نکاح اور تو یہ اس میں احتیاطاً

ولیکن ایسی صورت میں وہ شاہد
نکاح اوپر نہوں تو بھی ہے عاقد

روایت بعض میں ایسا ہے آیا
کہ شاہد کا نہ ہونا کسکو بھایا

فصل چہارم

اگر مرتد ہووے خاوند یا زن
زباں سے بولے یا کفر اختیاراً

جدائی ہو نکاح اسوقت جاوے
لگاوے حکم قاضی یا نہ لاوے

یہ ہے ظاہر روایت بیچ لکھا
مگر علمائے بلخی نے یہ بولا

کہ ردت زن کی سی فرقت نہ آوے
ڈرے یہ قول اوروں کو نہ بھاوے

محمد بولے ہیں در کفر شوہر
ہوئی فرقت طلاق آئی ہی زن پر

وطی خلوت ہووے تو مہر سب دے
کوئی مرتد جو ان دونوں سی ہووے

وگر ہے پہلے خلوت سے یہ ردت
جو ہو عورت سے ردت کچھ تو دی مت

مگر ردت ہو جانب مرد کی سے
تو آدھا مہر اس عورت کو بھر دے

مسمّے اگر نہ ہو متعہ ہی دیجے
طریقہ ہے جو عدت کا سو دیجے

جو فرقت مرد سے ہو تو نہیں جبر
اگر ردت ہے عورت سے کریں جبر

کہ تا پہلا ہی شوہر اسکو کر لے
اگر یہ چھوڑ دے کوئی اور کر لے

فصل پنجم

کہے کوئی کفر اور ایمان ہے ایک
تو کافر ہووے نہیں ہے بات یہ نیک

کہے کفراً کلام اور دل میں اسلام
یقیں رکھتا ہو کچھ آتا نہیں کام

قضا میں اور دیانت میں ہی کافر
محیط اندر یہ مسئلہ دیکھ ظاہر

کہے کوئی کہ کل کافر میں ہونگا
ابو قاسمؒ کہے اب کفر ہو جا

کہے کوئی کفر کی بات اور سنے تو
رضا بالکفر اپنے پر رکھے تو

تو ہے وہ شخص کافر اتفاقی نہیں اسلام کی بو اس میں باقی
جو کفر غیر سے راضی ہو ٹھیک تو کافر ہوگا وہ بعضوں کے نزدیک
رضا ہو کفر سے یا معصیت سے حسن جانے گناہ یا کفر کو ہے
جو یکساں سمجھے طاعت اور گناہ کو برابر حرمت اور حلت جسے ہو
کہے کافر کہ ہونا ہو مسلماں کہے اسکو کہ تم جا یہ ہے طغیان
کہا مجتہدین ان سب کو کافر عقیدے میں خلل آتا ہے ظاہر

فصل ششم

عداوت سے جو کافر کو وہ چاہے مرے یا کافر اور تعذیب پاوے
تو کفر اس سے نہیں کچھ لازم آتا یہ خواہر زادہ سے منقول ہوگا
کہے جو لا اِلٰہ پڑھ کرکے اِلاّ کسی تقریب سے منہ سے نہیں نکالا
جو نیت میں تھا الا اللہ اسکی اسے کافر نہیں کہنے کا مفتی
صفت جو حق کی نالائق کرے گا کسی یا نام پر اسکے ہنسے گا
اگر امر و نواہی سے وہ منکر تو ہو لاریب پھر وہ شخص کافر
اگر یہ سمجھے خدا کو آسماں میں سکونت سمجھے اسکی یا مکاں میں
خدا میرا آسماں میں اور تلے ہم تو ان باتوں سے ہوا ایماں ترا کم
خدا کے ہاتھ لمبے ہیں کہے جو کہے ہیں بعضے کافر اس سے بھی ہو
ستم جس طور تو مجھ پر کرے گا خدا تجھ پر ستم ویسا کرے گا
اسے بھی کفر اکثر نے کہا ہے مجاز اس میں جزا کا پر رہا ہے
اگر کوئی موا اور بولے جاہل خدا چاہے تھا سو یہ بھی ہے باطل
یہ کلمہ کفر کا ہے یاد رکھے سخن سے ایسے ہر دم رہئے بچتے
مخالف کو کہے جو مدعی چل خدا کے حکم پر کرے تو فیصل
کہا اس نے نہیں کچھ حکم مانوں کہاں چلتا ہے حکم اب کس کو مانوں
کہاں کا حکم یاں ہے زور کا کام یہ تینوں بات کا ہے کفر انجام

فساد اہل دنیا سے ہو دل تنگ ۔ کہے تینوں تو اس پر کچھ نہیں ننگ
کسی کو جو کہے ہے کفر سارا ۔ خدا سے بھی مجھے ہے تو پیارا
بجز حق کے جو کچھ شے ہے سو فانی ۔ کہا بعضوں نے ہے کفر نہانی
ولیکن ہے خطا کچھ کفر سے کم ۔ فنا نہیں روح کو اور عرش اعظم
یہ مطلب کل شیئ ہالک کا ۔ خطا اور کفر اس میں کہاں سے آیا
کیا تو نے کسی کو گر بھلائی ۔ کما احسن اللہ الیک بھائی
کہا اس نے تو جا کر لڑ خدا سے ۔ بخیلوں کو دیا ہے کیوں عطا سے
یہ کفر اختلافی بچ تو اس سے ۔ غنیمت ہے یہ تقوی ہووے جس سے
اگر ہو تو خدا دونوں جہاں کا ۔ میں لونگا تجھ سے حق اپنا یہاں کا
خدا حق ہیں مرے سب کچھ کیا نیک ۔ بدی مجھ سے کیا اسنے وہ ایک
کہا ظالم کو جو ڈر تو خدا سے ۔ کہا اسنے نہیں ڈرتا خدا سے
کہے زن بے نمازی کو اگر مرد ۔ نہیں ڈرتی خدا سے کیا تو دل سرد
وہ بولے میں نہیں ڈرتی کفر ہے ۔ مگر راہ ہدایت سے خطر ہے
قسم تیری ہے اک گو زشتر ہے ۔ کسی کو جو کہے خطر اور کفر ہے
کہے جو من خدا ایم مشتری سے ۔ بوہم دوم وہ کافر ہوا اسی سے
خدا جانے غم اور شادی تمہارا ۔ ہمیں مانند اپنے ہے گا سارا
جو بیماری ہیں فرضاں ست قضا کر ۔ خدا پکڑے گا تجھ کو روز محشر
کہا اسنے مرض شدت نے پکڑا ۔ خدا بھی مجھ کو ظالم ہو کے گھیرا
اگر صنیق مرض میں یوں کہا تھا ۔ خدا نے مجھ کو پیدا کیوں کیا تھا
معذب ہو گا تو اپنے گناہ پر ۔ جواب اسکا دیا سامع نے سنکر
خدا کو میں سنبھایا ہوں مگر گیا ۔ جو میں کہتا ہوں سو بھی وہ کرے گا
خدا تیری زباں سے بر نہ آوے ۔ خلاصی تجھ سے بندہ کیونکہ پاوے
ملک اور نا خدا تجھ سے بہ آیا ۔ برآول تجھ سے میں کیونکر خدایا

جو اس سے عجز حق جاتا ہے سمجھا
تو یہ بھی کفر کا کلمہ ہے ٹھیرا
خدا رحمت کرے اس دل پہ تیرے
کہا اس نے ترے دلپر نہ میرے
جو استغنا رحمت سے کہا ہے
تو اس سے کفر پھر ثابت ہوا ہے

فصل ہفتم

برے ہم ہوں تو حق ہم سے برا ہو
بھلے ہم ہوں تو حق ہم سے بھلا ہو
اسے بھی کفر کا کلمہ کہا ہے
مگر تاویل کی ہو تو بجا ہے
کہے عورت اگر مورت پسر پر
لیا تو نے دیا تھا نین ہے کچھ ڈر
جو عبداللہ کا آخر کاف تصغیر
لگا دے کفر ہے پر بوجہ تقریر
کہے جو سر حق میں جانتا ہوں
میں علم غیب سے واقف ہوا ہوں
یہ دونوں کفر کے کلمے لکھے ہیں
کہ علم غیب حق پر ہے کہے ہیں
نکاح اپنے میں لے شاہد نبیؐ کو
کرے شاہد نبیؐ کو کفر نت ہو
کہ علم غیب ان کو بھی نہیں ہے
مگر شاہد کراماً کاتبیں ہے
جو سن آواز طائر پھر کے آیا
سفر میں یا توقف کچھ کر آئیا
کہے یہ شدنی ہے میں جانتا ہوں
مرے گا یہ مریض پہچانتا ہوں
کرے کاہن نجومی کا یقیں جو
تو اسمیں بھی یقیں کافر ہے دیں کھو
کہا سارق کو نہیں معلوم کیا تو ن
تو یہ بھی کفر ہے مت بن تو مجنون
نمانے جو نبیؐ کو اور کرے عیب
اہانت سنتوں کی کفر لاریب
نبیؐ کا بغض ہر اک کو ہوا کفر
فرشتوں کا ہے ایسا ہی بلا کر
فلانا گر نبیؐ ہو یا پیمبر
نہ لاؤں میں کبھی ایمان اسپر
خدا بھی گر کہے تو میں نہ مانوں
سخن ہے کفر کا مت بن تو مجنوں
پیمبر کا اگر سچا ہے کہنا
تو جنت سے ہمیں ہو جائے کہنا
یہاں طالب ہو کافر معجزے کا
مگر ذلت کا ہو اس کے ارادہ
کہے موئے نبیؐ کو گر تو مویک
اہانت سے کہے تو کفر بے شک

پیمبر کا ہے شاتم بلکہ مقتول — قضا میں تو یہ اسکی غیر منقول
جو آدم دانۂ گندم نہ کھاتا — ہمیں بدبختی میں کاہے کو لاتا
کہے کوئی اور تو ہووے وہ منکر — تو اس سے بھی مقر ہوئے کافر
کدو کے باب میں بہت ایسا سنا ہے — اہانت کے سبب کافر ہوا ہے
کدو کی قوت سے ہوئے جو منکر — ابو یوسفؒ لکھا ہے اسکو اکفر
سنا جنے کہ منبر خلد پر ہے — کہا منبر تو ہے جنت کدھر ہے
کہا بعضوں نے یہ بھی کفر ہوگا — مگر تاویل کچھ اسکی کرے گا
پیمبر اور خدا اگر دیں گواہی — نہ مانوں ہے یہی دین کی تباہی
جو بنتے سن کے آدم کو یہ بولا — جولاہے زادہیں ہم کفر ہوگا
پیمبر انگلیوں کو چاٹتے تھے — جو سنکر عیب جانے کفر ہوئے
کسی کو گر کہا ناخن لو کترا — یہ سنت ہے پیمبر کی وہ بولا
اگرچہ ہے گی سنت میں نہ مانوں — وہ کافر ہوگا انکار جلی سوں
سنن متواترہ کا بھی یہی حال — جیسے مسواک و ختنہ مونچھ کے بال
کہے جو پستی سو مچھو نکی ہے کس کام — اہانت سے تو ہوئے دور اسلام
نماز اودھر پڑھوں نہیں گر ہو قبلہ — لکھا ہے اس سخن کو کفر ہو جا
جو تجھ بن حق تعالےٰ اور دے جنت — تو میں ہرگز نہ جاؤں جائے ملت
فلانے کام یا تیرے سبب سے — نہیں خواہش مجھے جنت کی رب سے
نہیں خواہش مجھے جنت کی یارو — ارادہ ہے کہ رویت حق کی ہی ہو
تو عزرائیل سا دشمن ہے میرا — سب ان باتوں سے لازم کفر ہو جا
کرے دعویٰ کہ میں ہونگا فرشتا — قیاس اجماع کا منکر ہے ایسا
کرے انکار استہزا بآیات — کہے قرآن کو مخلوق ہیہات
ولیکن ہے نزول البتہ حادث — کلام اللہ نفسی ہے حوادث
ہے منکر ایک کلمے کا بھی کافر — لکھی تمہید میں یہ بات ظاہر

پڑھے یا وف اور آیات کو جا
کہے یا خمر پر کا شاد ہا تھا

اگر کچھ دیگ میں باقی رہا تھا
وہ باقی صالحات اسکو کہا تھا

جمعا جمعا اندر صف کثرت
کہے قرآن کو ہے عجمی شقاوت

ابی اور انا اعطینا سے چھوٹے
اذا کالو پڑھے جب کوئی لوٹے

نمازیں فرض ہیں سجدہ رکوع سے
جو منکر ہو تو آوے کفر اس سے

کہے قرآن سے میں ہو گیا سیر
موافق نین نماز اپنے تئیں پھیر

کوئی ماندہ ہو قرآن پڑھ کے آخر
کہے التفت الساق اب ہو کافر

کہا بیمار کو پڑھ لے نماز آ
وہ بولے میں نہیں واللہ پڑھونگا

نماز اسنے نہ کی آخر عمر تک
نماز اسپر پڑھو مت کفر بیشک

وے جاری ہو یاں تاویل و تدقیق
کریں نیت کو اس بندے کی تحقیق

نہ کرنا اور کرنا ہے گا یکساں
نمازیں کیں بہت اب جی ہی حیران

بہت خوش کام ہیگا بے نمازی
حلاوت بد ہے یا کہ بے نمازی

یہ پانچوں لفظ ہر اک کفر کے جان
بچ اس سے تا رہے تیرا یہ ایمان

کہا اک شخص کو پڑھ کے نماز آ
وہ بولا حق نے میرا مال کھویا

میں اسکے حق کو بھی ناقص کرونگا
و یا رمضان ہے کافی پڑھوں گا

کہ اک کے بدلے میں ہوتے ہیں ستر
پڑھینگے زیادہ یہ ہے کفر اظہر

پڑھے قصداً نہ ہو کعبہ کی جانب
اگرچہ قبلہ ہو وے کفر واجب

اگر مجبور ہو نیت کو دے چھوڑ
کرے حرکات اور طاعت کو دے چھوڑ

کہے یہ ہم پہ طاعت رنج ہے گا
نہوتی فرض تو کیا خوب ہوتا

کہے تاویل سے تو کفر کب ہے
جو منکر ہے فرائض کا غضب ہے

کہا جنے خصومت میں کہ لاحول
وہ بولے کام نین آتا ہے یہ قول

کہا یا اسکو لے کیا میں کروں گا
او اگر حق مرا حق میں سو لوں گا

کہا نین بھوک کو لاحول مارنے
سب ان الفاظ سے ہو کفر واقع

کہے تسبیح یا تہلیل کو یُوں
شرابی قدح پر تسمیہ پڑھ لے
اذاں سکر کہے بجتا ہے گھنٹا
کرے نقل اذاں گر مسخری سے
کہا اِک شخص کو کلمہ پڑھے جا
یہاں حق دے نہ تو محشر میں لونگا
سبک جانے قیامت ہوئے کافر
بہشت اور دوزخ اور میزان قیام
کہا ظالم تو روزِ محشر بھی ہوگا
مجھے یاں چاہیئے واں ہو جو کچھ ہو
برائے دیں میں دنیا سے نہ توڑوں
کہے یا امر بالمعروف کو شور
کرے خیرات تو مالِ حرام اور
کہا گر زید کو مت کھا حرام اب
کہے تو امر بالمعروف کر لے
کہا ایسی فضولی سے ہے کیا کام
کہا کھا تو حلال اسنے کہا یُوں
کرے یا خمر کی حرمت کا انکار
حلال ہو اک درم اور دو حرامی
وہ بولا جون سا جلدی سے ملجا
کہا یا چاہیئے مجھکو تو پاں مال
حرامی مال ہیں جیب لگ کہ پاؤں
اگرچہ کفر نہیں پر ہے خطرناک

حرام اوپر کہے تسمیہ کو توں
زنا پر یا قمار اوپر وہ کہدے
یہ صوتِ پارساں یا ہے گا جھوٹا
پڑے فارغ اسکے دل پر کافری سے
کہا اسنے کہ میں کیا پڑھ کے پایا
کہا کچھ اسکے اوردے میں واں ہی دونگا
اگر ثابت نہ ہو اسپر وہ اکفر
حساب اور پلصراط اعمالنامہ
کہا اسنے مرے کس کام ہوگا
سخن یہ کفر کا ہوتا ہے یارو
کہے جو نقد نسیہ پر نہ چھوڑوں
یہ انکار فریضہ ہے گا فی الفور
ثواب اِس سے رکھے امید ماجور
وہ بولے ہے حلال اس سے بھلا کب
وہ بولا مجھ کو کیا ایذا کسی سے
میں کنج عافیت میں ہوں بآرام
حرام اب چاہیئے مجھ کو جو کھاؤں
وطی حائض روا جانے جو بدکار
تجھے خوش کونسا ہے مرد نامی
سخن یہ کفر کا ہے جس سے نکلا
حلال ہو یا حرام آوے بہرحال
حلال اوپر کبھی کھٹکو نہ جاؤں
تو ان لفظونسے رکھ اپنی زباں پاس

کہے جو علم کو ہے یہ کہانی — کہا یا یاد ہیں باتیں بنانی
کہے یا مکر اور حیلہ ہے سارا — یہ تینوں بات ہیں کفر آشکارا
کہا اک شخص کو تو درس میں جا — وہ بولا اس سے حاصل کام ہے کیا
کہے کون ان کا کہنا کر سکے ہے — سخن یہ کفر کا مفتی لکھے ہے
درم یاں چاہیئے کس کام ہے علم — کہے یا مکر اک کا دام ہے علم
اہانت بے سبب عالم کی مت کر — کہ خوف کفر ہے بچ اس سے اکثر
کرے جو نقل کوئی واعظوں کی — بنے ٹھٹھے سے صورت عالموں کی
کرے جو اور ہنسی سے کفر آوے — خدا اس کام سے سب کو بچاوے
طبق کھانے کا بہتر علم سے ہے — نہ کہہ تو یہ سخن بے دیں کہے ہے
کہا داعی نے جب تو نے کہا تھا — قضا اور شرع کا قصہ کہاں تھا
مخالف کو کہا چل تو شرع کو — وہ بولا خوش نہیں یہ حیلہ بد خو
مرض میں تنگ ہو بولے جو آخر — الٰہی بار مسلم یا کرے کافر
خدا سے ہوئے ناراضی جو سادہ — کہے حق کیا کریگا اس سے زیادہ
یہ سب الفاظ موجب کفر کے ہیں — تری فہمید کو جھٹ کہدیا ہیں
کہے کوئی نہیں ہے تجھ میں اسلام — وہ بولے آرے ہووے کفر ناکام
کہا جورو کو اے کافر مجوسی — وہ بولی ایسی ہوں کافر بنے گی
نہ ہوتی ایسی تو تجھ پاس نہ رہتی — اگر یہ کہوے تو کافر ہی بنے گی
یہودی کافر اور گبر و مجوسی — مسلماں کو کہے کافر ہے وہ بھی
اگر دشنام کا جو قصد ہووے — برہنہ میں لکھا کافر نہ ہووے
کرے یہ کام جو تو ہوئے کافر — کہے سامع نہیں کچھ کفر ظاہر
کہا کافر بچہ اپنے پسر کو — کہا بعضوں نے وہ کافر نہیں ہو
پکارا گر کسی نے اے یہودی — کہا لبیک اس نے کفر ہو جی
قبول اسلام کا نہیں اب زمانہ — رہا ہے کفر کا اب تو ٹھکانا

کہے گر زید ملحد ہو نہیں مرد ک
جہالت شرع نے اس کی نہ مانی
جو بولا ہر گھڑی ہوتا ہوں کافر
کہا جو کفر کا کلمہ کسی نے
کہا جور و ستم مجھ پر کرے گا
تو کافر ہو گی گر تو نہیں ہوں گا
اگر اسلام لایا ایک کافر
تمنا حالت ان کی کفر مطلق
حسینہ سے جو نصرانیہ دیکھے
کہ اسکے تئیں نکاح میں اپنے لاتا
لباس خاص کافر کا جو پہرے
جو اک کافر نیا اسلام لایا
کہ تو نے چھوڑا اپنا مذہب اور طور
اگر نوروز یا ہولی دیوالی
جو کچھ تعظیم دل سے مول لیوے
کسی مسلم نے کچھ مسلم کو بھیجا
نہیں ہے کفر پر تقدیم و تاخیر
جو مسلم ایسے دن کافر کو دے ہے
عمل سب حبط ہوں ہوئے وہ کافر
وے شادی ہو یا مونڈن ہو یا اور
کہے سلطان ظالم کو جو عادل
کہے سلطان کو یا جبار کوئی اور
ہوا ہے کفر سجدہ غیر حق کا
وہ کافر ہو چکا بے شبہ و بے شک
کہے گر میں نہ جانوں بہتا معانی
تو اسپر کفر لازم ہے بظاہر
کہا اوروں نے اگنی جور و سمجھنے
تو کہنا میری خاطر ملے گا
ارادہ کفر کا اب کفر ہو جا
مسلمانوں نے مال اسکو دیا پھر
زنا ظلم و ریا اور قتل ناحق
تمنا دل میں ترسائی کی کرے
تقرر سے ہی اسکو کفر آتا
بدون عذر پھر کافر وہ ٹھیرے
کہا مسلم نے تجھکو کیا پڑا یا
تو کافر ہووے یہ مسلم بھی فی الفور
کرے جان میں ہووے کفر خالی
تو کافر ہو تنعم گر نہ ہووے
جو تعظیماً نہ ہو عادت سے دیجا
دیوالی ہولی سے تب کیجے یہ تدبیر
ابو حفص کبیرؒ اب یوں کہے ہے
کہ اسدن کی ہے تعظیم اس میں ظاہر
مٹھائی جائز ہے ہندو سے ہر طور
اسے بھی کفر سمجھیں بعضے فاضل
خدا کا لفظ کافر ہووے فی الفور
تحیہ کا ہے سلطاں کو کبیرہ

بلا نیت کرے سجدہ جو شہ کو
پیے تھا خمرے کر ہاتھ میں جام
کہا ہے یہ وہ شئے گر تو گراوے
جدا ہونے کو شوہر سے اگر کفر
وہ زن مرتد ہووے یا نہ ہووے
کہے جب تنگ مجھ سے ہے زورِ بازو
کہے تھا اپنی جورو کو نصیحت
کہا علمِ خدا کو میں نہ مانوں
کیا کر سجدہ مجھ کو اور خدا کو
سخن بد سن کے عاقل نے بتایا
وہ بولے کیا کروں لازم ہوا ہے
جگہ پر ضاد کے جب ظاء بولے
اگر قصداً کہا کافر ہوا ہے
مسلمانوں کو کوئی مارے ہے ظالم
کہا ضارب نے اسکو بار عونت
کہا بت کو کروں سجدہ پر اس سے
فلانا مجھ سے کافر تر ہے یہ بات
فلانا جو کہے مجھ کو سو کرنا
کہے میں ہوں مسلمانی سے بیزار
مسائل یہ عمادی میں ہیں ظاہر
لواطت کو کوئی سمجھے روا جو
کہے رمضان کو یہ رنج ہے اب
ذبیحہ گر کرے جن اور بت پر

تو وہ بھی داخلِ کفرِ جلی ہو
کہا ظاہر ہوا ہے آج اسلام
اسے جبریل بھی پر پر اٹھاوے
سکھاوے زن کو بے مفتی او پر کفر
معلم تو اسی دم دین کھووے
کمی کیا رزق کی ہے وہ جفا جو
کہ باز آ کارِ بد سے کر تو طاعت
میں رہنا اپنا دوزخ بیچ ٹھانوں
سبب تاویل کے کافر بھی کیا ہو
کہ اس سے تجھ پہ لازم کفر آیا
کہا فضلیؒ نے وہ کافر ہوا ہے
مکان اصحابِ جنت نار کھووے
امامت ورنہ اسکی نا روا ہے
وہ بولے مامت میں ہونگا مسلم
مسلمانی پہ تیری تجھ پہ لعنت
کروں میں آشتی کافر نہ ہووے
صریح اقرار ہے یہ کفر کے سات
اگرچہ کفر ہووے نین گذرنا
یہ کافر ہو چکا مت کر تو تکرار
اب آگے ہیں بزہ سے یہ باہر
مقررِ کفر لازم بھی ہوا اسکو
کہے برکت نہ ہوگی اس سی اغلب
اسے بھی گنئے کافر ہے مقرر

حدوث عالم اور حشر اور اجساد
خدا کے علم جزئی کا جو منکر
کرے انکار جو ہستی خدا کی
بخلوت تن یا عبادت جس طرح ہو
جو منکر خلق و قدرت علم کا ہو
وہ کھاتا پیتا سوتا جاگتا ہے
تمسخر گر کرے اسمار کی اس سے
گنے خالی ز حکمت فعل فاعل
اگر حق منصفی اسدن کرے گا
کہے مجھ کو خدا بھی چاہیئے ہے
اگر تو ہے خدا تو کر فلاں کام
خدا نے جھوٹھ تیرا سچ بنایا
ہیں کھائے پیر تو کھانسی ہوئی ہے
نکالے فال گر چوری کی ملا
نبی بھی مجھ کو گر مردک کہیگا
گواہ اس کا جو ہو جبریل و میکال
فرشتوں کا کرے جو عیب کافر
جو دوے دشنام حضرت عائشہؓ کو
کرے انکار شیخین کی خلافت
تواتر کی حدیثوں سے جو منکر
خبر مشہور کا منکر ہے گمراہ
خلاصے میں و لیکن یہ لکھا ہے
خراساں سے گئے جو صدر شہدا

جو منکر ہے وہ دیں کرتا ہے برباد
کہے شارح مقاصد اسکو کافر
زن و فرزند ثابت اسکو ما کی
شریک اسکو کیا ثابت کسی کو
مکان اور نقص کچھ ثابت کرے جو
اور آتا جاتا اٹھتا بیٹھتا ہے
رکھے خر وہ کسی فرماں پہ اسکے
حدوث اوصاف کا یا ہووے قائل
تو بندہ تجھ سے اپنی داد لے گا
وہ بولا مجھ کو دوزخ چاہیئے ہے
کہا حق کو تو ہے گا کفر انجام
قریب کفر یہ کلمہ ہے آیا
نہیں ہے کفر گو شرک خفی ہے
نہیں ہے کفر پر بیگا یہ بے جا
جواب اسکو وہی بندہ بھی دے گا
سنونگا میں نہ انکی قیل اور قال
و یا دشنام دیوے ہووے ابتر
و یا شیخینؓ کو یا لعن گو ہو
خلاصے میں ہے مسلم اسکو کہہ مت
کوئی اسکا ہو بن جاوے وہ کافر
خبر آحاد کا عاصی ہے صد آہ
سبک جانے جسے کافر ہوا ہے
باستقبال نکلے سارے علماء

پڑھا قاری نے برہانٌ جاءَ مِن رَّبّ
یہ برھان نہیں جو حق کہے ہے
جو کوئی مدرسہ مسجد سے آ جا
جو کوئی حیلۂ شرعی کرے ہے
رکھے پا زیر قرآن کو جو قصداً
فقیروں سیّدوں کی ہے اہانت
شریعت میں یَں پو جابُت کرونگا
کہا تاجر کو جھوٹا مت ہوٗا کر
کہا اُسنے خیانت جھوٹ کے بن
سبک جانا محارم کو ہے کافر
میں حاجت کے لئے. ہے آزمائی
شہد میں آزمایا کچھ نہ پایا
مرگی بولے میں تاواں کیوں دُوں
نمازیں حق جو کہتا ایسی اکثر
نہ کرتا میں قبول اسکو تو زنہار
کہے ہر چند میں طاعت کروں ہوں
خدا کا دوست جو زیادہ کہا ہے
کہا کیا جانے کافر ہو کے کر جا
کہا یا میں نہیں دوزخ سے ڈرتا
کہے مُلّا مسلمانوں سے نیکو
کرے دہر کی یا بیعہ کی تعظیم
جو کافر ہے کسی تیوہار میں جا
کسی کو تو جھگڑتے یوں کہا ہے
کہا زاہد نے تو کافر ہوٗا اب
یہ قاری کفر میں ناحق پڑے ہے
کوئی اس کو کہے دہرے سے آیا
کہے رخنے سے دوزخ میں پڑے ہے
نجاست میں پڑے یا اسکو عمداً
اصح مذہب میں کفر اے بادیانت
جہاں کی رسم پر تو میں چلونگا
تغافل میں خیانت مت کیا کر
سبھی سودا نہ گذرینگے مرے دن
لکھا تحفے میں یہ مسئلہ ہے نادر
پڑھی الحمد پر نافع نہ آئی
سب ان باتوں سے اسکو کفر آیا
رضا ہے حق کی یا طالب نہیں ہوں
زکوٰۃ اور ہوتی گر چالیسویں پر
تو یہ بھی بات ہیگی کفر اے یار
نہیں کچھ زیادتی ہے اور افزوں
کہا وہ یہ جو کچھ شیوہ ہوٗا ہے
بہشت ان کو ملے یا نار ہو جا
تو کفر اس میں بھی قائل پر ٹھہرتا
یہ کافر ہیں کہ حق دیتے نہ ہمکو
وہاں گر تو رہے گی کفر کی بیم
بعظمت کفر اِلّا فسق آیا
مسلمان ایسے سے کافر بھلا ہے

جو رسمیں کافروں کی نیک جانے
حرام اِک شئے ہے اسکو جانے بلبت
حلال اس مردے گتے کو جانے
صغیرہ یا کبیرہ ہوں یقینی
کہا مسلم جو وہ مومن نہ ہوتا
جو استخفاف پرے ایسی بدتر
جو رویت کا ہو منکر ہے وہ کافر
نہ یہ مرتا نہ کوئی اسکو مرض ہے
کہا اِن شاء رَبّ بڑے کام کرنا
مسافی تو تلا سیتلا پوچھے
سخن پر کفر کے ہنس دے رضا سے
خدا کو دست پا یا چشم اور گوش
اگر آواز طائر بولنے سوں
مرے بیمار یا یہ کام بگڑے
کرے فاسق جو صالح کو اشارہ
فراخی دے مجھے حق ظلم مت کر
خراجی ملک سمجھے ملک سلطان
بر ہے اور تمہید اور عمادی
سب لکھے ہے دُرِ مختار یہ سخن اور
برسالت مطلقاً جو جن نہ مانے
خدا کے رب ہے ہو جائے کافر
کرے آبا کو سیّد کے جو لعنت
بنی ہاشم کی لعنت کفر ہو جا

لگے کچھ حسن گر وہ ان میں جاتے
کہے کوئی تو ہے کفر و ضلالت
تو ہو کافر نہ جو زندے کو مانے
حلال اس کو کہے ہیں کفر دینی
تو کافر باپ کا وارث تو ہوتا
اگر ناپاک کپڑے اور مکان پر
شفاعت کو نہ مانے کفر ظاہر
خدا بھی اسکو بھولا الغرض ہے
وہ بولا میں تو بے اِنشاء کرونگا
شفا جانے اسے بھی کفر ہووے
ہنسی کا ہے سخن ہونا بلا سے
کرے ثابت سو کافر ہووے بیہوش
کہ آئی بخش لوگوں کو دے سوں
یہ باتیں کرکے مت نے جیوے جھگڑے
طرف فساق کی مجلس کے دین جا
یہ ہے کفر اختلافی اس سی بھی ڈر
تو کافر ہو سراجی میں لکھا جان
یہ تینوں سے لئے واللہ ہادی
کہ کفران سے بھی آتا ہے بہر طور
عموماً دعوتِ احمدؐ نہ جانے
ولیکن توبہ ہے مقبول ظاہر
کبھی خنزیر و سگ نے ادب کہے مت
عقیدہ سحر کا ہوتا ہے ایسا

اگرچہ زن ہو ساحر قتل کیجے — نہیں مقبول توبہ اسکی کیجے
تعلم کو بھی بعضے کفر بولیں — اگرچہ معتقد حرمت کے ہوویں
روا سمجھے ہے ناچوں ساتھ جو رقص — تو کافر ہووے اس حالت سے وہ شخص
جو سجدہ ذات کعبہ کو کرے تو — نمازیں بے وضو سے یا پڑھے تو
اہانت علم کے طالب کی مت کر — کہ ہو کافر طلاق آوے گی زن پر
کہے اسکو جو تو نادان و ابلہ — اور ابلہ زاد بھی ہو جائے گمراہ
تو راگ اور باجوں کی تعریف نہ کر — بچا کر تو لسان اللہ سے ڈر
اسے بھی کفر بعضی جا لکھا ہے — بڑا ہے مرد جو اس سے بچا ہے
کہے ہے تحفہ خانی بعض کلمات — کہ آوے کفر بھی ان سے ترے ہات
ابو حفص کبیری سے یہ پوچھا — کرے ترک نماز اک گبر باچا
کیا تعظیم سے اسکی جو کوئی ترک — ہوا مرتد قضا نہیں آتی کر درک
جو چھوڑے فسق و سستی سی نہیں کفر — قضا کرے نمازیں حق کا کر شکر
نہ ہوتا فرض جو روزہ نمازیں — تو ہوتا خوب اس کو کفر جانیں
جو سمجھے آپ کو فعلوں کا خالق — شفاعت سے جو منکر ہے وہ فاسق
تناسخ کہتے ہیں اوتار رست کو — عقیدہ اس کا لاکر دین مت کھو
عذاب حق سے ایمن ہو سو کافر — نہ ہو رحمت سے تو نومید ظاہر
خدا انصاف کو بیٹھے گا مت کہہ — یہ کلمہ کفر کا ہے اس سے بچ رہ
خدا مجھ سے نہ رکھ رحمت دریغ اب — میں وقت موت اپنا جانو ہوں سب
پیمبر کی گر انسانی میں شک ہو — وہ کافر ہے جو جن جانے نبی کو
جو زاہد کو کہا بس اب کرو تم — بہشتوں سے مبادا آگے چلو تم
خدا کے واسطے یہ کام تو کر — وہ بولا جو نہیں کافر ہوئے پھر
عذاب حق میں اک کف پر اٹھاؤں — ملے جب بہشت تو اسکو میں تو لوں
کسی کے کفر پر جلدی نہ کیجے — جو ہو توجیہ کچھ فتوے نہ دیجے

امام ناصر الدینؒ یوں کہے ہے — اگر کوئی حرف ردت کا کہے ہے
یقینی کفر ہو تو ہوئے کافر — وگر مشکوک پس ایماں ہے ظاہر
یقین اسلام کا شک سے نہ جاوے — یہ بات اسکی ہے میرے جی کو بھائے
امام اعظمؒ سے ہے یہ قول ثانی — بنا بیچ اندر اور تاتارخانی
جو ہووے معتقد تو کفر ہووے — بلفظ حرف ایماں کو نہ کھووے
ولے توبہ کرو تجدید ایمان — نکاح از نو سے کرلے اسمیں اے جان
کہ ہیگی احتیاط اس کام میں خوب — نہ ہو تا روز محشر میں تو معتوب
میں کی ہے اسلئے تطویل کلمات — رکھے تو یاد اور بولے نہ یہ بات
وگر نہ گہ کوئی منہ سے نکل جائے — تو جلدی توبہ کرے مرد دانائے
مسلمانوں میں کیجو حشر میرا — میں عاجز بندوں میں بندہ ہوں تیرا
الٰہی رکھ میرا ایماں سلامت — کرم سے اپنے رکھنا تا قیامت

تمام ہوئے کلمات کفر بیان طلاق

مجھے اک بات اور اب یاد آئی — کہ جہل اس ملک میں پھیلا ہے بھائی
بچاوہ کفر کے کلمات سے گر — کیا اسنے نکاح اپنا بھی ازسر
مبادا لفظ کوئی منہ سے نکلے — کہ پڑ جائے طلاق اور کام بگڑے
صریح اسنے طلاق اسکو کہا ہے — تو رجعی ہے یہ ہر اک جانتا ہے
جو پھر خلوت میں لیجاوے بھلا ہے — کہ رجعت بے نکاح اس میں روا ہے
ولے پہنچے اگر تیجے کی نوبت — حلالہ بن نہیں ہوتی ہے حلت
خرابی یہ تو بائن میں بڑی ہیں — کہ اسکے لفظ جتنے ہیں خفی ہیں
جو نکلے منہ سے غفلت میں خبر نہیں — سبب بے علمی کے کچھ اسکو ڈر نہیں
ہوئی عورت حرام اور ہے زنا وہ — نکاح پھر تو بنا عاصی ہوا وہ

پس بائن کنایت ہے گی منظور / طلاق احتمالی غیر مذکور
کنائت کو نہیں سمجھے ہیں عامی / اسی سے ہوتے ہیں لڑکے حرامی
پس ان کا جاننا ہے سب پہ لازم / جماع ان کا حلال اولاد سالم
اگر منہ سے کوئی ناگہ بر آوے / جو واقف ہو نکاح از سر پڑھاوے
کنائت سے ہو جورو اس کی بائن / نہیں نزدیکی جائز عقد کے بن
کنائت ہیں ہے بے نیت شتر اے یار / غضب ہو یا طلاقوں کا ہو تکرار

فصل در بیان کنایۂ طلاق

تو عدت بیٹھ جا اور رحم کر صاف / تجھے ہے ایک رجعی ہے یہ انصاف
سوا اسکے ہیں بائن لفظ سارے / ولیکن شافعیؒ رجعی پکارے
تو مجھ سے ہے جدی یا کٹ گئی ہے / حرام اور خالی یا مجھ سے بری ہے
جبل تیری ہے تیرے کاندھے اوپر / نکل جا اہل اپنے پاس اودھر
تجھے میں نے ترے لوگوں کو بخشا / جدا تجھ کو کیا یا میں نے چھوڑا
یہ تیرا کام تیرے ہاتھ میں ہے / لو جا مختار ہے تو کیوں لڑے ہے
پر ان دونوں میں سے عورت جو مختار / تجھے وہ تو بائن ہووے ناچار
کہا تو سر کو ڈھنک لے اوڑھ چادر / یہاں سے تو نکل جا گھر سے باہر
چلی جا اٹھ کھڑی ہو ڈھونڈ خاوند / یہ تینوں بات کبھی توڑیں ہیں پیوند
نہیں ہے تو مری جورو کہا یا / نہیں یا میں ترا خاوند ہوں بولا
جو نیت ہو طلاق ان میں آوے / نہیں تو لغو تیری بات جاوے
کہا یا زن کو تو آزاد ہے گی / تو چھپ جا دور ہو تو بھی پڑے گی
کہے مجھ پر ہے تو تو خمر جیسی / دیا خنزیر کے مانند تو ہے گی
رضا میں گر کہے یہ لفظ مستور / غضب ہونے طلاقوں کا ہو مذکور
تو بس نیت پہ ہے موقوف فرقت / اگر نیت نہیں تو خوف مت کر
کہے تجھ پر حرام اب میں تو ہونگا / جدا ہوں تجھ سے ہو نیت تو پڑ جا

ہیں تجھ سے ہاتھ اٹھایا بائنہ ہے
جو نیت ہو تو طلقہ لازمہ ہے

کہے کھوئے میں نے پاؤں تیرے
تو اس سے ایک پر رجعی پڑے ہے

بری ہوں تجھ سے میں تو کچھ نہیں ہے
اگرچہ ہووے نیت تو یونہی ہے

کہے گر تو ہوا میں تجھ سے بیزار
جو نیت ہو تو واقع ہووے ناچار

تو بیگانی ہے مجھ سے بولا زن کو
یہ نیت سے طلاق اس کو نہیں ہو

کہا مجھ کو نہیں تو ساتھ حاجت
نمی خواہم ترا ہووے نہ ثابت

نہ تھا مجھ کو تجھ میں کچھ عقد نکاحی
نہ واقع ہو یہ نیت ہے مزاحی

نکاح اب مجھ میں تجھ میں کچھ نہیں ہے
جو نیت سے کہا طالق بنی ہے

یہی سب کتب سے میں منتخب کر
مسائل بھی لکھے ہیں لا تو دِلپر

لکھے ہیں اور باتیں دُرِّ مختار
ہیں وہ بھی تجھ سے کر دیتا ہوں اظہار

کہا جورو کو تو دوزخ چلی جا
جو نیت ہو طلاق اک اسکو پڑ جا

کہا ہیں تیری چاروں سو گلی راہ
طلاق اسکو نہ نیت سے نری گاہ

مگر کہدے کہ جا رستہ پکڑ تو
تو ہو جاوے جُدا یہ یاد کر تو

کہا جو تو ہے طا و لام الف قاف
فلانے سے بھی اطلق رجعی ہے صاف

کہا جو تو ہے اطلق پڑ ہلا شُد
پڑے گی ایک رجعی لفظ سے بد

در بیان ظہار گوید

کہے جورو کو تو ہے ماں سی میری
بدن یا پیٹ ران ایسی ہے تیری

بہن یا بھانجی یا خالہ و پھوپھی
جسے تشبیہ دیوے میں بات اچھی

ظہار آیا اگر نیّت ہے بیشک
وطی بوسہ حرام اسکو ہے ہر اک

طلاق اور یا کہ ہو تعظیم منظور
تو نیت معتبر ہے تا مقدور

جو کچھ نیت نہیں تو لغو ہے بات
لیا تو مفت میں یہ جھوٹ آفات

محرّم مجھ پہ ہے جوں پشت مادر
ظہار آیا ہے بے نیت مقرر

کرے آزاد بندہ جو غنی ہے
نہیں تو ساٹھ روزے کی بنی ہے

نہیں تو ساٹھ مسکیں کو کھلاوے
دو وقتہ پیٹ بھر کر ان کو لاوے

کفارت ہے یہی روزے کی تو جان
جو توڑے عذر بن کوئی مسلماں

پھر اسکے بعد ہو عورت کے نزدیک
یہ ہے قرآن میں تو جان لے ٹھیک

در بیان ایلا گوید

پہنیے چار تک تجھ پاس نہ جاؤں
قسم کھائی ہے یہ ایلا بتاؤں

قسم کھا کر نہ سویا ساتھ اسکے
طلاق اک اسکو بائن ہووے کیسکے

جو پاس عورت کے اس مدت میں جاوے
کفارت قسم کی اسپر تو آوے

ہمیشہ کو قسم کھاوے تو سن لے
پڑیگی تین اسکو سال پیچھے

پڑیں جب تین تب کرے حلالہ
نہ ہوگا اس قسم سے پھر کے ایلا

قسم کھا جو مسافر ہووے بیمار
زبانی ہے رجوع کرے وہ ناچار

اگر اسلام تجھ کو چاہیئے ہے
کتابیں فقہ کی اک دو تو پڑھ لے

الٰہی اپنے دے بندونکو توفیق
کریں تا علم دین کو خوب تحقیق

طفیل ان کے الٰہی بخش کو بخش
محبت اپنی کا گنج اسکو تو بخش

ہزار اور پود و صد سی سال گذرے
جو اس تالیف کا سنہ ہجری سے پوچھے

مناجات

یا الٰہی تجھ سے اب ہے التجا
از طفیل حضرت خیر الورےٰ

مومنوں کو دے تو توفیق صلوٰۃ
تا کریں وہ حفظ ترتیب الصلوٰۃ

دین کے سمجھیں مسائل بالضرور
تا خلاف دین سے ان کو ہو نفور

پہلے ہے ماں باپ پر لازم یہ بات
دین بتا اولاد کو راہ نجات

یعنی علم دین جتنا ہے ضرور
دے سکھا قبل بلوغت بے قصور

کچھ نہیں یاں خاص ہو عربی زباں
غرض مسئلہ سیکھنے سے ہی یہاں

اسلیئے ہندی زباں میں ہے کتاب
چھپ گئی یہ بہر جویائے ثواب

تیرہ سو پر سات از روئے حساب
لکھئے سن ہجری چھپی جب یہ کتاب

فہرست ترتیب الصلوٰۃ